Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

NOHA & MARSIYA

Paida Shua-e-Mehr Ki Miqraz Jab Hui

پیدا شعاع مہر کی مقراض جب ہوئی

Marsiya by Mirza Dabeer

Source: Urdu text: Urdu Wikisource (public domain). Roman Urdu and English: prepared by the Centre.

1

Paida shua-e-mehr ki miqraz jab hui	پیدا شعاع مہر کی مقراض جب ہوئی
Pinhan darazi-e-par-e-taoos-e-shab hui	پنہاں درازیٔ پر طاؤس شب ہوئی
Aur qata zulf-e-Laila-e-Zuhra laqab hui	اور قطع زلف لیلیٰ زہرہ لقب ہوئی
Majnun sifat qaba-e-sahar chaak sab hui	مجنوں صفت قبائے سحر چاک سب ہوئی
Fikr-e-rafu thi charkh-e-hunarmand ke liye	فکر رفو تھی چرخ ہنر مند کے لیے
Din chaar tukre ho gaya paiwand ke liye	دن چار ٹکڑے ہو گیا پیوند کے لیے

When the scissors of the sun's rays appeared,
the long feathers of night's peacock were hidden away,
and the locks of Laila, whose title is Venus, were cut off;
like Majnun's, the robe of dawn was torn right through.
The skilful sky was anxious to mend it:
the day broke into four pieces to make the patches.

Free to read, copy and share

2

Farhad-e-mehr ne ye kiya taur ikhtiyar — فرہاد مہر نے یہ کیا طور اختیار
Is koh-e-Bestoon-e-falak par liya qarar — اس کوہ بے ستوں فلک پر لیا قرار
Tesha laga ke khatt-e-shuai ka aabdar — تیشہ لگا کے خط شعاعی کا آب دار
Ki joo-e-sheer-e-subh siyahi se aashkar — کی جوئے شیر صبح سیاہی سے آشکار
Lekin ajeeb haal tha be sheer shah ka — لیکن عجیب حال تھا بے شیر شاہ کا
Nahr-e-laban mein shor tha wa Asgharah ka — نہر لبن میں شور تھا وا اصغراہ کا

The Farhad of the sun took up this course:
he settled on this Bestoon mountain of the sky,
and striking with the gleaming axe of his rays
he brought the milk-stream of dawn out of the darkness.
But strange was the state of the King's child left without milk:
in the river of milk rose the cry 'Alas, Asghar!'

3

Yusuf ghareeq-e-chah-e-siyah nagahan hua — یوسف غریق چاہ سیہ ناگہاں ہوا
Yaani ghuroob mah-e-tajalli nishan hua — یعنی غروب ماہ تجلی نشاں ہوا
Yunus dahan-e-mahi-e-shab se ayan hua — یونس دہان ماہیٔ شب سے عیاں ہوا
Yaani tulu nayyar-e-mashriq sitan hua — یعنی طلوع نیر مشرق ستاں ہوا
Firaun-e-shab se marka aara tha aftab — فرعون شب سے معرکہ آرا تھا آفتاب
Din tha Kaleem aur yad-e-baiza tha aftab — دن تھا کلیم اور ید بیضا تھا آفتاب

Joseph suddenly sank into the black well,
that is, the radiant moon set;
Jonah came out of the mouth of the fish of night,
that is, the bright orb rose in the east.
The sun was at war with the Pharaoh of night:
the day was Moses, and the sun his shining hand.

Free to read, copy and share

4

Thi subh ya falak ka wo jaib-e-dareeda tha
تھی صبح یا فلک کا وہ جیب دریدہ تھا

Ya chehra Masih ka rang pareeda tha
یا چہرہ مسیح کا رنگ پریدہ تھا

Khursheed tha ke Arsh ka ashk-e-chakeeda tha
خورشید تھا کہ عرش کا اشک چکیدہ تھا

Ya Fatima ka nala-e-gardoon raseeda tha
یا فاطمہ کا نالۂ گردوں رسیدہ تھا

Kahiye na mehr subh ke seene pe daagh tha
کہیے نہ مہر صبح کے سینے پہ داغ تھا

Ummeed-e-Ahl-e-Bait ka ghar be chiragh tha
امید اہل بیت کا گھر بے چراغ تھا

Was it dawn, or the torn collar of the sky,
or the face of the Messiah drained of colour?
Was it the sun, or a tear dropped from the Throne,
or Fatima's lament that had reached the sky?
Do not call it the sun: it was a scar on the breast of dawn;
the house of hope of the Prophet's family was without a lamp.

5

Roz-e-safed Yusuf-e-aafaq-e-shab niqab
روز سفید یوسف آفاق شب نقاب

Maghrib ki chah mein tha jo paband-e-iztirab
مغرب کی چاہ میں تھا جو پابند اضطراب

Saqqa-e-aasmaan ne liya dalv-e-aftab
سقائے آسماں نے لیا دلو آفتاب

Jis mein rasan shua ki baandhi ba aab-o-taab
جس میں رسن شعاع کی باندھی بہ آب وتاب

Yusuf ko dalv-e-mehr mein bithla ke chah se
یوسف کو دلو مہر میں بٹھلا کے چاہ سے

Mashriq mein laaya khench ke maghrib ki raah se
مشرق میں لایا کھینچ کے مغرب کی راہ سے

The white day, the Joseph of the world, veiled by night,
lay bound in distress in the well of the west;
the water-carrier of the sky took up the bucket of the sun
and tied to it, gleaming, the rope of its rays;
seating Joseph in the bucket of the sun, he drew him from the well
by the road of the west and brought him into the east.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

6

Nikla ufuq se abid-e-raushan zameer-e-subh
نکلا افق سے عابد روشن ضمیر صبح

Mehrab-e-aasmaan hui jalwa pazeer-e-subh
محراب آسماں ہوئی جلوہ پذیر صبح

Khola safedi ne jo musalla-e-peer-e-subh
کھولا سپیدی نے جو مصلائے پیر صبح

Phir sajdagah ban gaya mehr-e-muneer-e-subh
پھر سجدہ گاہ بن گیا مہر منیر صبح

Karti thi shab ghuroob ka sajda durood ko
کرتی تھی شب غروب کا سجدہ درود کو

Sayyare haft uzv bane the sujood ko
سیارے ہفت عضو بنے تھے سجود کو

The dawn, a worshipper with a shining heart, came out from the horizon;
the prayer-niche of the sky was lit by the dawn;
when whiteness spread the prayer-mat of the old man, Dawn,
the bright morning sun became his place of prostration.
Night, as it set, bowed down in salutation;
the planets became the seven limbs that touch the ground in prostration.

7

Zulmat jahan jahan thi wahan noor ho gaya
ظلمت جہاں جہاں تھی وہاں نور ہوگیا

Phir mushk-e-shab jahan se kafoor ho gaya
پھر مشک شب جہان سے کافور ہوگیا

Goya ke zang aaine se door ho gaya
گویا کہ زنگ آئینے سے دور ہوگیا

Batin risala-e-shab-e-daijoor ho gaya
باطن رسالۂ شب دیجور ہوگیا

Kya pukhta raushanai thi qudrat ke khaame mein
کیا پختہ روشنائی تھی قدرت کے خامے میں

Mazmoon tha aftab ka zarron ke naame mein
مضموں تھا آفتاب کا ذروں کے نامے میں

Wherever there had been darkness there was light;
the musk of night turned to camphor and vanished from the world,
as if the rust had been cleaned from a mirror;
the book of the dark night was cancelled.
How lasting was the ink in the pen of God's power!
The sun was the theme of the letter written to the motes.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

8

Khole hawa mein tair-e-zareen ne baal-o-par
کھولے ہوا میں طائر زریں نے بال و پر

Baitha wo aa ke charkh-e-chaharum ke baam par
بیٹھا وہ آ کے چرخ چہارم کے بام پر

Daane sitaron ke jo pare the idhar udhar
دانے ستاروں کے جو پڑے تھے ادھر ادھر

Minqar-e-zar mein chun liye us ne wo sar ba sar
منقار زر میں چن لیے اس نے وہ سر بسر

Garmi-e-husn-e-mehr se aab aab ho gaya
گرمیٔ حسن مہر سے آب آب ہو گیا

Gardoon pe khushk chashma-e-mahtab ho gaya
گردوں پہ خشک چشمۂ مہتاب ہو گیا

The golden bird spread its wings in the air
and came to perch on the roof of the fourth heaven;
the grains of the stars that lay scattered here and there
it picked up, every one, in its golden beak.
The heat of the sun's beauty put the water to shame;
in the sky the spring of the moon ran dry.

9

Par tha huma-e-auj-e-saadat shikasta baal
پر تھا ہمائے اوج سعادت شکستہ بال

Juz ashk aab-o-daane ka tha dekhna muhal
جز اشک آب و دانے کا تھا دیکھنا محال

Tha pyaas se Sakina-o-Asghar ka ghair haal
تھا پیاس سے سکینہ و اصغر کا غیر حال

Munh zard lab kabood zaban khushk aankh laal
منہ زرد لب کبود زباں خشک آنکھ لال

Wo doodh doodh kehta tha ro kar ishare se
وہ دودھ دودھ کہتا تھا رو کر اشارے سے

Ye paani paani kehti thi Zahra ke pyare se
یہ پانی پانی کہتی تھی زہرا کے پیارے سے

But the huma of high fortune had broken wings;
apart from tears, no water or grain was to be seen;
Sakina and Asghar were in a sorry state from thirst:
faces pale, lips blue, tongues dry, eyes red.
He, weeping, was asking for milk, milk, by signs;
she was crying 'Water, water!' to Zahra's darling.

Free to read, copy and share

10

The khirman-e-falak pe abhi dana-e-nujoom
Bone laga jo tukhm-e-sitam Ibn-e-Saad-e-shoom
Ghalle ke baantne ko nida di alal-umoom
Manind-e-mor dana zadon ne kiya hujoom
Jis ka ke baap qasim-e-rizq-e-zamana tha
Haftum se Karbala mein wo be aab-o-dana tha

تھے خرمن فلک پہ ابھی دانۂ نجوم
بونے لگا جو تخم ستم ابن سعد شوم
غلے کے بانٹنے کو ندا دی علی العموم
مانند مور دانہ زدوں نے کیا ہجوم
جس کا کہ باپ قاسم رزق زمانہ تھا
ہفتم سے کربلا میں وہ بے آب و دانہ تھا

The grains of the stars still lay on the threshing-floor of the sky
when ill-omened Ibn Saad began to sow the seed of cruelty:
he called out to everyone that grain would be shared out,
and the grain-seekers swarmed like ants.
He whose father was the dispenser of the world's daily bread
had been without food or water in Karbala since the seventh.

11

Rumal zalimon ne zameen par bichha diye
Hisse Umar ne sab ke barabar laga diye
Aur afsaron ko badre ke badre utha diye
Aur sar ba mohr surra-e-zar bhi dikha diye
Lab khole heela war ki adalat ke josh ne
Gandum numai aah ki yun jau farosh ne

رومال ظالموں نے زمیں پر بچھا دیے
حصے عمر نے سب کے برابر لگا دیے
اور افسروں کو بدرے کے بدرے اٹھا دیے
اور سر بہ مہر صرۂ زر بھی دکھا دیے
لب کھولے حیلہ ور کی عدالت کے جوش نے
گندم نمائی آہ کی یوں جو فروش نے

The tyrants spread kerchiefs on the ground;
Umar ibn Saad laid out equal shares for all,
and handed the officers purse upon purse,
and showed them sealed bags of gold as well.
The schemer, zealous in his kind of fairness, opened his lips;
alas, that seller of barley showed off his wheat like this:

Free to read, copy and share

12

Haan ae namak halalo na himmat ko hariyo
ہاں اے نمک حلالو نہ ہمت کو ہاریو

Bhooke ko bhooka pyaase ko pyaasa hi mariyo
بھوکے کو بھوکا پیاسے کو پیاسا ہی ماریو

Ibn-e-Muawiya ki khilafat sanwariyo
ابن معاویہ کی خلافت سنواریو

Sayyid ke sar ko seene pe charh kar utariyo
سید کے سر کو سینے پہ چڑھ کر اتاریو

Ab to hai ghalla kal zar-o-jageer-o-maal hai
اب تو ہے غلہ کل زرو جاگیر و مال ہے

Shabbir ko jo zibah karo sab halal hai
شبیر کو جو ذبح کرو سب حلال ہے

'Come, you who are true to your salt, do not lose heart;
kill the hungry man hungry and the thirsty man thirsty;
set in order the caliphate of the son of Muawiya;
climb onto the Sayyid's chest and take off his head.
Now it is grain; tomorrow it will be gold, estates and wealth:
if you slaughter Shabbir, all of it is lawful for you.'

13

Zainab ne rafta rafta jo ye shor sun liya
زینب نے رفتہ رفتہ جو یہ شور سن لیا

Be sakhta Husain ke faaqe pe ro diya
بے ساختہ حسین کے فاقے پہ رو دیا

Jangal ko rukh kiya kabhi Yasrib ko rukh kiya
جنگل کو رخ کیا کبھی یثرب کو رخ کیا

Aawaz di kahan ho tum ae fakhr-e-ambiya
آواز دی کہاں ہو تم اے فخر انبیا

Qurban jaaoon qabr mein is shab ko sote ho
قربان جاؤں قبر میں اس شب کو سوتے ہو

Ya Karbala mein apne nawase ko rote ho
یا کربلا میں اپنے نواسے کو روتے ہو

When little by little Zainab heard this clamour,
she wept unbidden over Husain's hunger;
she turned now to the wilderness, now towards Yasrib,
and called, 'Where are you, pride of the prophets?
My life for you: are you sleeping in your grave this night,
or weeping for your grandson in Karbala?

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

14

Nana ye kalima go hamen nahaq satate hain
نانا یہ کلمہ گو ہمیں ناحق ستاتے ہیں

Peete hain khud hamen nahin paani pilate hain
پیتے ہیں خود ہمیں نہیں پانی پلاتے ہیں

Insaf ke liye nahin kyun aap aate hain
انصاف کے لیے نہیں کیوں آپ آتے ہیں

Itna to poochhiye yun hi mehman bulate hain
اتنا تو پوچھیے یوں ہی مہماں بلاتے ہیں

Ghalla sipah-e-Shaam mein taqseem hota hai
غلہ سپاہ شام میں تقسیم ہوتا ہے

Kunba tumhara teesre faaqe se rota hai
کنبہ تمہارا تیسرے فاقے سے روتا ہے

Grandfather, these who recite the creed torment us unjustly;
they drink themselves but give us no water.
Why do you not come to see justice done?
At least ask them: is this how one invites guests?
Grain is being shared out in the army of Syria,
while your family weeps in its third day of hunger.'

15

Sajjad par makeen the Imam-e-falak makan
سجاد پر مکیں تھے امام فلک مکاں

Taqseem-e-ghalla ka jo suna haal nagahan
تقسیم غلہ کا جو سنا حال ناگہاں

Arzan diya rafeeqon ko wo ghalla-e-giran
ارزاں دیا رفیقوں کو وہ غلۂ گراں

Jis ghalla-e-giran ke the nau daane aasmaan
جس غلۂ گراں کے تھے نو دانے آسماں

Gandum ke badle jannat-e-Adam mein ghar diya
گندم کے بدلے جنت آدم میں گھر دیا

Ghar kaisa kainat ka mukhtar kar diya
گھر کیسا کائنات کا مختار کر دیا

The Imam, whose home is the sky, was seated on his prayer-mat
when suddenly he heard of the sharing out of grain;
he gave his companions, at little cost, a precious grain,
a precious grain whose kernels were the nine heavens:
in exchange for wheat he gave them a home in Adam's paradise;
a home? He made them masters of the universe.

Free to read, copy and share

16

Waan ghalla de ke sab se mukhatib hua Umar
واں غلہ دے کے سب سے مخاطب ہوا عمر

Kha lo ke ab ghiza na mile gi kai pahar
کھا لو کہ اب غذا نہ ملے گی کئی پہر

Is jang mein haras-o-taraddud hai sar ba sar
اس جنگ میں ہراس و تردد ہے سر بہ سر

Iman ka naqs jaan ka khauf aabru ka dar
ایماں کا نقص جان کا خوف آبرو کا ڈر

Ummat se saamna hai Imam-e-jaleel ka
امت سے سامنا ہے امام جلیل کا

Kaata hai jis ke baap ne par Jibreel ka
کاٹا ہے جس کے باپ نے پر جبرئیل کا

There, having given out the grain, Umar ibn Saad addressed them all:
'Eat, for now you will get no food for many hours.
In this battle there is nothing but fear and doubt:
loss of faith, fear for life, dread for honour;
the community stands against a glorious Imam,
whose father cut the wing of Gabriel.'

17

Barh kar Umar se kehne lage bani-e-sitam
بڑھ کر عمر سے کہنے لگے بانیٔ ستم

Apni to ye ghiza hai ke bhooke rahen haram
اپنی تو یہ غذا ہے کہ بھوکے رہیں حرم

Naufal pukara ser hain aab-o-ghiza se hum
نوفل پکارا سیر ہیں آب و غذا سے ہم

Khaai hai aaj qatl-e-alamdar ki qasam
کھائی ہے آج قتل علم دار کی قسم

Chillaya Shimr hum to isi waqt khaayen ge
چلایا شمر ہم تو اسی وقت کھائیں گے

Jab teen din ke pyaase ka sar kaat laayen ge
جب تین دن کے پیاسے کا سر کاٹ لائیں گے

The founders of cruelty stepped up and said to Umar ibn Saad,
'Our food is this: that the women of his house stay hungry.'
Naufal cried, 'We have had our fill of water and food;
today I have sworn to kill the standard-bearer.'
Shimr cried, 'We shall eat only
when we bring back the head of the man three days thirsty.'

Free to read, copy and share

18

Bola Umar ye kibr ki baaten rawa nahin
بولا عمر یہ کبر کی باتیں روا نہیں

Munh ka niwala sheron ka sar kaatna nahin
منہ کا نوالا شیروں کا سر کاٹنا نہیں

Dawa-e-be sanad se tumhen kuchh haya nahin
دعوائے بے سند سے تمہیں کچھ حیا نہیں

Dunya mein bhooka pyaasa to koi lara nahin
دنیا میں بھوکا پیاسا تو کوئی لڑا نہیں

Utre na hote tum jo lab-e-nahr chain se
اترے نہ ہوتے تم جو لب نہر چین سے

Phir dekhta main larte ho kyun kar Husain se
پھر دیکھتا میں لڑتے ہو کیوں کر حسین سے

Umar ibn Saad said, 'Such proud talk is not fitting;
cutting off the heads of lions is no easy mouthful;
you feel no shame at baseless claims;
no one in the world has ever fought hungry and thirsty.
Had you not settled at ease on the river bank,
then I would see how you would fight Husain.'

19

Ye jo kaha Umar ne wo chupke chale gaye
یہ جو کہا عمر نے وہ چپکے چلے گئے

Be aql naqd-e-jaan ke iwaz deen de gaye
بے عقل نقد جاں کے عوض دین دے گئے

Sayyid ke qasd-e-zibah pe sab ghalla le gaye
سید کے قصد ذبح پہ سب غلہ لے گئے

Aur yaan Umar ke asp-e-Iraqi kase gaye
اور یاں عمر کے اسپ عراقی کسے گئے

Chida kiye Umar ne silah karzar ke
چیدہ کئے عمر نے سلح کارزار کے

Khadim le aaye charkh se teghen utar ke
خادم لے آئے چرخ سے تیغیں اتار کے

When Umar ibn Saad said this, they went off quietly:
the fools gave away their faith for the cash of life;
they all took the grain, pledged to slaughter the Sayyid.
And here the Iraqi horses of Umar ibn Saad were saddled;
Umar ibn Saad chose his weapons of war;
his servants took the swords down from the rack and brought them.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

20

Sajne laga silah-e-wagha phir wo pur dagha
سجنے لگا سلاح وغا پھر وہ پر دغا

Bekhud hua jo khod sar-e-nahs par dhara
بے خود ہوا جو خود سر نحس پر دھرا

Be mah-o-aftab ke goya gehan laga
بے ماہ و آفتاب کے گویا گہن لگا

Ya daar-e-qad pe kufr ka bakht-e-siyah charha
یا دار قد پہ کفر کا بخت سیہ چڑھا

Islam mein jo daale the rakhne Yazid ne
اسلام میں جو ڈالے تھے رخنے یزید نے

Un rakhnon ko kiya zirah tan-e-paleed ne
ان رخنوں کو کیا زرہ تن پلید نے

Then that deceitful man began to put on his weapons of war;
when the helmet was set on his ill-starred head, he lost himself;
it was as if an eclipse had come with neither moon nor sun,
or the black fortune of unbelief had mounted the gallows of his frame.
The breaches that Yazid had made in Islam
that foul body turned into its coat of mail.

21

Neza Sinan Ibn-e-Anas ka tha dast-e-jaur
نیزہ سنان ابن انس کا تھا دست جور

Ye neza aur Husain ka seena maqam-e-ghaur
یہ نیزہ اور حسین کا سینہ مقام غور

Tarkash bhi tha dareeda dahan Hurmula ke taur
ترکش بھی تھا دریدہ دہن حرملہ کے طور

Goya siwaye teer na us ki zaban thi aur
گویا سوائے تیر نہ اس کی زباں تھی اور

Awwal khadang us ka chala shah-e-khalq par
اول خدنگ اس کا چلا شاہ خلق پر

Aakhir ko teer-e-Hurmula Asghar ke halq par
آخر کو تیر حرملہ اصغر کے حلق پر

The spear of Sinan ibn Anas was the hand of tyranny:
this spear, and the breast of Husain: think on it!
The quiver too was foul-mouthed, after the manner of Hurmala,
as if he had no tongue but the arrow.
His first arrow flew at the King of creation,
and at the last, Hurmala's arrow at Asghar's throat.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

22

Kasrat pe fauj ki hua nazan wo khud parast
Bola ke apni fatah hai Shabbir ki shikast
Pehle kiya Furat ka zalim ne bandobast
Bithlaye das hazar zirah posh tez-o-dast
Deewar-e-aahani lab-e-darya buland ki
Darya ne baang haaye Husaina buland ki

کثرت پہ فوج کی ہوا نازاں وہ خودپرست
بولا کہ اپنی فتح ہے شبیر کی شکست
پہلے کیا فرات کا ظالم نے بندوبست
بٹھلائے دس ہزار زرہ پوش تیز و دست
دیوار آہنی لب دریا بلند کی
دریا نے بانگ ہائے حسینا بلند کی

That self-worshipper grew proud of the size of his army;
he said, 'Victory is ours, and defeat is Shabbir's.'
First the tyrant secured the Euphrates:
he posted ten thousand quick-handed men in mail
and raised a wall of iron along the river bank;
the river raised the cry 'Alas, Husain!'

23

Ghaaton ko rok kar ye pukara ke haan suno
Be aabru karoon ga na maane ga hukm jo
Paani ka ik qatra na shah-e-zaman ko do
Mayyit ke ghusl ko na wuzu ko na peene ko
Jaan bar na tishnagi hai Imam-e-Hijaz ho
Khushki mein gharq Aal-e-Nabi ka jahaz ho

گھاٹوں کو روک کر یہ پکارا کہ ہاں سنو
بے آبرو کروں گا نہ مانے گا حکم جو
پانی کا اک قطرہ نہ شاہ زمن کو دو
میت کے غسل کو نہ وضو کو نہ پینے کو
جاں بر نہ تشنگی ہے امام حجاز ہو
خشکی میں غرق آل نبی کا جہاز ہو

Blocking the landing places, he cried, 'Listen, all of you:
I will disgrace whoever does not obey this order:
give not one drop of water to the King of the age,
not for washing the dead, nor for ablutions, nor for drinking;
let the Imam of Hijaz not come through his thirst alive;
let the ship of the Prophet's family sink on dry land.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

24

Chida kiye hazar jawanan-e-na khalaf
چیدہ کیے ہزار جوانان ناخلف

Is ohde par kiya unhen mamoor har taraf
اس عہدے پر کیا انہیں مامور ہر طرف

Saghar ba kaf rahen wo tunuk zarf saf ba saf
ساغر بکف رہیں وہ تنک ظرف صف بہ صف

Jab al-atash kahen durr-e-pak-e-shah-e-Najaf
جب العطش کہیں در پاک شہ نجف

Paani unhen dikha ke ye be aabru bahayen
پانی انھیں دکھا کے یہ بے آبرو بہائیں

Paani baha ke tishna labon ka lahu bahayen
پانی بہا کے تشنہ لبوں کا لہو بہائیں

He picked a thousand unworthy young men
and set them on every side for this duty:
those mean-spirited men were to stand rank on rank, cups in hand,
and when the pure pearls of the King of Najaf cried 'Thirst!',
these shameless men were to show them the water and pour it away,
and having poured out the water, shed the blood of the parched.

25

Chalees sau phir us ne kamandar-e-ru siyah
چالیس سو پھر اس نے کماں دار روسیاہ

Bithlaye chaar goshon mein gird-e-khiyam-e-shah
بٹھلائے چار گوشوں میں گرد خیام شاہ

Sadat ke liye na rakha gosha-e-panah
سادات کے لیے نہ رکھا گوشہ پناہ

Rooh-e-Batool kehti thi ro ro ke aah aah
روح بتول کہتی تھی رو رو کے آہ آہ

Sunta hoon aan baan pe sadat marte hain
سنتا ہوں آن بان پہ سادات مرتے ہیں

Dekhoon to morche kahan Shabbir karte hain
دیکھوں تو مورچے کہاں شبیر کرتے ہیں

Then he posted four thousand black-faced archers
at the four corners around the King's tents;
he left the Sayyids no corner of refuge.
The spirit of Batool was weeping and crying, 'Alas, alas!
I hear that the Sayyids die for their honour;
let me see where Shabbir takes up his stand.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

26

Jab subh-e-be radai-e-Zainab ayan hui
جب صبح بے ردائیٔ زینب عیاں ہوئی

Aur aakhiri sipah-e-Khuda mein azan hui
اور آخری سپاہ خدا میں اذاں ہوئی

Namoos-e-Mustafa mein bapa ye fughan hui
ناموس مصطفٰے میں بپا یہ فغاں ہوئی

Bas ab bahar-e-gulshan-e-Zahra khizan hui
بس اب بہار گلشن زہرا خزاں ہوئی

Kaanpe ga Arsh Fatima ke shor-o-shain se
کانپے گا عرش فاطمہ کے شور و شین سے

Jis dam wida hoye gi Zainab Husain se
جس دم وداع ہوئے گی زینب حسین سے

When the dawn of Zainab's unveiling appeared,
and the last call to prayer was given in the army of God,
this lament arose among the women of Mustafa's house:
'Now the spring of Zahra's garden has turned to autumn;
the Throne will tremble at Fatima's cries and wailing
when Zainab takes leave of Husain.'

27

Yaan tha hujoom-e-gham haram-e-nek zaat par
یاں تھا ہجوم غم حرم نیک ذات پر

Waan ahl-e-Shaam ne kiya qabza Furat par
واں اہل شام نے کیا قبضہ فرات پر

Nargha kiya adu ne shah-e-khush sifat par
نرغہ کیا عدو نے شہہ خوش صفات پر

Zulmat muheet ho gayi aab-e-hayat par
ظلمت محیط ہوگئی آب حیات پر

Shab kya gayi naseeb ka kuchh pher ho gaya
شب کیا گئی نصیب کا کچھ پھیر ہوگیا

Hote hi subh kheme mein andher ho gaya
ہوتے ہی صبح خیمے میں اندھیر ہوگیا

Here grief crowded in upon the good women of the house;
there the men of Syria seized the Euphrates;
the enemy closed in on the virtuous King;
darkness closed over the water of life.
As soon as the night was gone, fortune turned;
as soon as morning came, darkness fell in the tent.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

28

Kya ru safed fauj-e-Khuda hai huzoor-e-subh
Aayi hai un ke aqd-e-ibadat mein hoor-e-subh
Rukh se tulu-e-mehr jabeen se zuhoor-e-subh
Ik simt un ka noor hai ik simt noor-e-subh
Sar sajde mein hai tan hai quood-o-qiyam mein
Kya subh ki bahar hai fauj-e-Imam mein

کیا رو سفید فوج خدا ہے حضور صبح
آئی ہے ان کے عقد عبادت میں حور صبح
رخ سے طلوع مہر جبیں سے ظہور صبح
اک سمت ان کا نور ہے اک سمت نور صبح
سر سجدے میں ہے تن ہے قعود و قیام میں
کیا صبح کی بہار ہے فوج امام میں

How bright-faced is the army of God in the presence of the dawn!
The houri of dawn has come to be wed to their worship;
from their faces the sun rises, from their brows the dawn appears;
on one side is their light, on the other the light of dawn.
Heads are bowed in prostration, bodies sit and stand in prayer:
what a spring of dawn there is in the army of the Imam!

29

Aawaz-e-irkabu jo malaik sunate hain
Ghazi namaz parh ke musalla uthate hain
Taqeeb ki duaen magar parhte jaate hain
Sajde ko aastana-e-Maula pe aate hain
Dar par rakhe jabeenon ko sab khush khisal hain
Ek aasmaan aur bahattar hilal hain

آواز ارکبو جو ملائک سناتے ہیں
غازی نماز پڑھ کے مصلےٰ اٹھاتے ہیں
تعقیب کی دعائیں مگر پڑھتے جاتے ہیں
سجدے کو آستانۂ مولا پہ آتے ہیں
در پر رکھے جبینوں کو سب خوش خصال ہیں
ایک آسمان اور بہتر ہلال ہیں

When the angels call out 'To horse!',
the warriors finish their prayer and lift their prayer-mats,
yet they go on reciting the prayers that follow;
they come to bow down at their master's threshold:
all those good men lay their foreheads at the door,
one sky and seventy-two crescent moons.

Free to read, copy and share

30

Misl-e-qamar ye abid-e-shab zinda daar hain
مثل قمر یہ عابد شب زندہ دار ہیں

Manind-e-mehr muttaqi-e-rozgar hain
مانند مہر متقیٔ روزگار ہیں

Shakl-e-falak rukoo mein lail-o-nahar hain
شکل فلک رکوع میں لیل و نہار ہیں

Misl-e-zameen sujood mein ye khaaksar hain
مثل زمیں سجود میں یہ خاک سار ہیں

Sajde se un ke khaak wazeefe mein rehti hai
سجدے سے ان کے خاک وظیفے میں رہتی ہے

Tasbeeh un ke haath mein takbeer kehti hai
تسبیح ان کے ہاتھ میں تکبیر کہتی ہے

Like the moon, they are worshippers who keep the night alive;
like the sun, they are the God-fearing of the age;
like the sky, they bow night and day;
like the earth, they lie humble in prostration.
Because of their prostrations the very dust is at prayer;
the rosary in their hands proclaims that God is Great.

31

Dekho khushoo ko to larazta hai tan tamam
دیکھو خشوع کو تو لرزتا ہے تن تمام

Poochho rujoo-e-qalb to dil hai soo-e-Imam
پوچھو رجوع قلب تو دل ہے سوے امام

Kya zuhd hai riya se bari hain ye nek naam
کیا زہد ہے ریا سے بری ہیں یہ نیک نام

Jis ko namaz kehte hain wo ye hai wassalam
جس کو نماز کہتے ہیں وہ یہ ہے والسلام

Raushan hai un ka auj-e-ibadat jahan par
روشن ہے ان کا اوج عبادت جہان پر

Sajjade hain zameen pe namaz aasmaan par
سجادے ہیں زمیں پہ نماز آسمان پر

Look at their humility: their whole bodies tremble;
ask where their hearts turn: their hearts are towards the Imam;
what piety! These good men are free of all show;
this, and nothing else, is what is called prayer.
The height of their worship shines over the world:
their prayer-mats are on the earth, their prayer in heaven.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

32

Hai dast bos ek ki shamsheer-e-aabdar
ہے دست بوس ایک کی شمشیر آب دار

Durr-e-Najaf ka subha kisi ke gale ka haar
در نجف کا سبحہ کسی کے گلے کا ہار

Koi khayal-e-hoor-e-shahadat se hamkinar
کوئی خیال حور شہادت سے ہم کنار

Kausar pe aankh ek jari ki pyala dar
کوثر پہ آنکھ ایک جری کی پیالہ دار

Kehte hain raah-e-Haq mein sharaf ki kami nahin
کہتے ہیں راہ حق میں شرف کی کمی نہیں

Is raah mein jo khaak na ho aadmi nahin
اس راہ میں جو خاک نہ ہو آدمی نہیں

One man's gleaming sword kisses his hand;
another wears a rosary of Najaf pearls round his neck;
one embraces the thought of the houri of martyrdom;
one brave man's eye, as if holding out a cup, is on Kausar.
They say, 'On the path of God there is no lack of honour;
he who does not become dust on this path is no man.'

33

Samjhe hain namuradi-e-dunya ko ye murad
سمجھے ہیں نامرادیٔ دنیا کو یہ مراد

Gham un ke dil mein shaad hai
dil un ka gham mein shaad
غم ان کے دل میں شاد ہے
دل ان کا غم میں شاد

Har uzv mein hai dil ki tarah se Khuda ki yaad
ہر عضو میں ہے دل کی طرح سے خدا کی یاد

Quran parhna khatm hai un par dam-e-jihad
قرآن پڑھنا ختم ہے ان پر دم جہاد

Bazu-e-jang misl-e-tarazu tule hue
بازوئے جنگ مثل ترازو تلے ہوئے

Hain zeen par ke rahl pe Quran khule hue
ہیں زین پر کہ رحل پہ قرآں کھلے ہوئے

They count failure in the world as success;
grief is glad in their hearts, and their hearts are glad in grief;
in every limb, as in the heart, is the remembrance of God;
in the hour of fighting in God's way they are masters of reciting the Quran.
Their arms for battle are poised like a pair of scales:
are they on saddles, or are they Qurans open on their stands?

Free to read, copy and share

34

Lashkar mein hai ye Akbar-o-Abbas ka waqar
لشکر میں ہے یہ اکبر و عباس کا وقار

Wo anjuman mein sham to ye bagh mein bahar
وہ انجمن میں شمع تو یہ باغ میں بہار

Aankhon mein wo nigah to seenon mein ye qarar
آنکھوں میں وہ نگاہ تو سینوں میں یہ قرار

Wo bazuon mein zor ye qabze mein Zulfiqar
وہ بازوؤں میں زور یہ قبضے میں ذوالفقار

In donon ki ye fauj-e-Khuda mein misal hai
ان دونوں کی یہ فوج خدا میں مثال ہے

Durr-e-Najaf wo hai to ye Haidar ka laal hai
در نجف وہ ہے تو یہ حیدر کا لال ہے

Such is the dignity of Akbar and Abbas in the army:
the one a candle in the gathering, the other spring in the garden;
the one the sight in the eyes, the other the calm in the breast;
the one the strength in the arms, the other Zulfiqar in the grip.
This is the likeness of the two in the army of God:
if the one is the pearl of Najaf, the other is Haidar's ruby.

35

Wo chashm hai palak mein to ye dil hai seene mein
وہ چشم ہے پلک میں تو یہ دل ہے سینے میں

Haidar wo Kaabe mein ye payambar Madine mein
حیدر وہ کعبے میں یہ پیمبر مدینے میں

Yusuf kunwen mein Nooh hai goya safeene mein
یوسف کنویں میں نوح ہے گویا سفینے میں

Aab-e-baqa wo chashme mein ye zar khazeene mein
آب بقا وہ چشمے میں یہ زر خزینے میں

Wo aab motiyon mein ye ik gul hazaron mein
وہ آب موتیوں میں یہ اک گل ہزاروں میں

Khushbu wo phoolon mein ye tajalli sitaron mein
خوشبو وہ پھولوں میں یہ تجلی ستاروں میں

The one is the eye within the lashes, the other the heart within the breast;
the one Haidar in the Kaaba, the other the Prophet in Medina;
one Joseph in the well, the other, as it were, Noah in the ark;
the one the water of life in the spring, the other gold in the treasury;
the one the lustre in pearls, the other one rose among thousands;
the one the fragrance in flowers, the other the brilliance among stars.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

36

Har subh mehr-o-mah ki to kam hai raushani
ہر صبح مہر و ماہ کی تو کم ہے روشنی

Par dekho un ke aarizon ki jalwa afgani
پر دیکھو ان کے عارضوں کی جلوہ افگنی

Khursheed wo jari hai to hai chaand ye ghani
خورشید وہ جری ہے تو ہے چاند یہ غنی

Ik simt ko hai dhoop aur ik simt chandni
اک سمت کو ہے دھوپ اور اک سمت چاندنی

Paai na is tarah ki ziya mahtab mein
پائی نہ اس طرح کی ضیا ماہتاب میں

Dekhi na aftab ne ye dhoop khwab mein
دیکھی نہ آفتاب نے یہ دھوپ خواب میں

Each dawn the light of sun and moon grows less,
but look at the radiance their cheeks cast:
that brave one is a sun, this generous one a moon;
on one side sunlight, on the other moonlight.
No such light was ever found in the moon;
the sun never saw such sunlight even in a dream.

37

Wash-shams se Rasool-e-Khuda hain murad ab
والشمس سے رسول خدا ہیں مراد اب

Is shams ki shua hai Akbar ke rukh mein sab
اس شمس کی شعاع ہے اکبر کے رخ میں سب

Abbas ka hai mah-e-Bani Hashimi laqab
عباس کا ہے ماہ بنی ہاشمی لقب

Do dar hain un ki mehr-o-ata ke ye roz-o-shab
دو در ہیں ان کی مہر و عطا کے یہ روز و شب

Har subh-o-shaam roo-e-khalaiq pe baaz hain
ہر صبح و شام روئے خلائق پہ باز ہیں

Zarra nawaz wo hain ye akhtar nawaz hain
ذرہ نواز وہ ہیں یہ اختر نواز ہیں

By 'By the sun' the Messenger of God is meant;
all the rays of that sun are in Akbar's face;
Abbas's title is the Moon of the Banu Hashim.
These two, day and night, are the two doors of their kindness and bounty,
standing open every morning and evening to all creatures:
the one is kind to the motes, the other kind to the stars.

Free to read, copy and share

38

Abbas se ye kehte hain Akbar ke kyun chacha
عباس سے یہ کہتے ہیں اکبر کہ کیوں چچا

Kya hoga gird-e-khema bhi hai lashkar-e-jafa
کیا ہوگا گرد خیمہ بھی ہے لشکر جفا

Amman ke parde ka mujhe andesha hai bara
اماں کے پردے کا مجھے اندیشہ ہے بڑا

Baandhen ge apna morcha hum bhi pa-e-wagha
باندھیں گے اپنا مورچہ ہم بھی پئے وغا

Kheme se fasila na pidar se judai ho
خیمے سے فاصلہ نہ پدر سے جدائی ہو

Ye taur ho agar to ba khoobi larai ho
یہ طور ہو اگر تو بخوبی لڑائی ہو

Akbar says to Abbas, 'Well, uncle,
what will happen? The cruel army is round the tents as well;
I fear greatly for my mother's veil.
We too will take up our position for battle,
with no distance from the tents and no parting from my father;
if it is so, the battle will go well.

39

Amman ne keh diya hai ke
bakhshoon gi main na sheer
اماں نے کہہ دیا ہے کہ بخشوں گی میں نہ شیر

Akbar tumhare hote laga shah par jo teer
اکبر تمہارے ہوتے لگا شاہ پر جو تیر

Hafiz rahoon ga baap ka main waqt-e-daar-o-geer
حافظ رہوں گا باپ کا میں وقت دار و گیر

Lekin ghazab hai ahl-e-haram hon agar aseer
لیکن غضب ہے اہل حرم ہوں اگر اسیر

Khair ab to daaman-e-shah-
e-khush khu na chhoren ge
خیر اب تو دامن شہ خوش خو نہ چھوڑیں گے

Jo ho so ho Husain ka pehlu na chhoren ge
جو ہو سو ہو حسین کا پہلو نہ چھوڑیں گے

My mother has said, "I will not forgive you my milk,
Akbar, if an arrow strikes the King while you live."
I will guard my father in the hour of battle,
but it would be a calamity if the women were made captive.
Well, now we shall not let go the hem of the gentle King;
come what may, we shall not leave Husain's side.'

Free to read, copy and share

40

Abbas kehte hain ke fida tum pe ho chacha
عباس کہتے ہیں کہ فدا تم پہ ہو چچا

Zainab ke paalne ki ye ghairat hai main fida
زینب کے پالنے کی یہ غیرت ہے میں فدا

Wo poochhte hain aap kahen hai irada kya
وہ پوچھتے ہیں آپ کہیں ہے ارادہ کیا

Ye haath munh pe pher ke kehte hain dekhna
یہ ہاتھ منہ پہ پھیر کے کہتے ہیں دیکھنا

Jeene se haath dhote hain mard apni baat par
جینے سے ہاتھ دھوتے ہیں مرد اپنی بات پر

Apna to aaj morcha hoga Furat par
اپنا تو آج مورچہ ہوگا فرات پر

Abbas says, 'Your uncle would give his life for you;
this is the honour of Zainab's upbringing: my life for it!'
He asks, 'Tell me, what is your intent?'
and this one passes his hand over his face and says, 'You will see:
men give up their lives to keep their word;
today my post will be at the Euphrates.'

41

Kehte hain jhoom jhoom ke Zainab ke yadgar
کہتے ہیں جھوم جھوم کے زینب کے یادگار

Is hamle mein kamand hain apne safon ke paar
اس حملے میں کمند ہیں اپنے صفوں کے پار

Ibn-e-Hasan ke husn-e-bayan se hai aashkar
ابن حسن کے حسن بیاں سے ہے آشکار

Azraq ka rizq barq mita doon to ho qarar
ارزق کا رزق برق مٹادوں تو ہو قرار

Dawe hain aaj Haidariyon ko bare bare
دعوے ہیں آج حیدریوں کو بڑے بڑے

Chahen to gharb-o-sharq ko le len khare khare
چاہیں تو غرب و شرق کو لے لیں کھڑے کھڑے

The sons left by Zainab say, swaying with eagerness,
'In this charge our lassos will reach beyond their ranks.'
It is plain from the fine words of Hasan's son:
'I shall have peace only when, like lightning, I have wiped out Azraq's portion.'
Today the men of Haidar make great claims:
if they wished, they could take west and east where they stand.

Free to read, copy and share

42

Kyun kar na sher hon khalaf-e-sher-e-Kibriya
کیوں کر نہ شیر ہوں خلف شیر کبریا

Sayyidaniyon ka doodh hai un pyaason ne piya
سیدانیوں کا دودھ ہے ان پیاسوں نے پیا

Do din se go naseeb mein paani hai ne ghiza
دو دن سے گو نصیب میں پانی ہے نے غذا

Lekin wahi hai chehre ki surkhi wahi ziya
لیکن وہی ہے چہرے کی سرخی وہی ضیا

Sayyid har ek haal mein khush haal rehte hain
سید ہر ایک حال میں خوش حال رہتے ہیں

Khaayen na khaayen sheron ke munh laal rehte hain
کھائیں نہ کھائیں شیروں کے منہ لال رہتے ہیں

How could the sons of the Lion of the Almighty not be lions?
These thirsty ones drank the milk of Sayyid mothers;
though for two days they have had neither water nor food,
the glow and the radiance of their faces are the same.
The Sayyids stay cheerful in every state:
fed or unfed, a lion's mouth stays red.

43

Chehron se kya ziya-o-safa aashkar hai
چہروں سے کیا ضیا و صفا آشکار ہے

Shahr-e-Halab inhin ka ik aaina dar hai
شہر حلب انہیں کا اک آئینہ دار ہے

Ik banda taar-e-zulf ka mulk-e-Tatar hai
اک بندہ تار زلف کا ملک تتار ہے

Ye bagh-e-rukh bahisht ki fasl-e-bahar hai
یہ باغ رخ بہشت کی فصل بہار ہے

Gulgoon qadon ke chehre hain kis aab-o-taab ke
گلگوں قدوں کے چہرے
ہیں کس آب و تاب کے

Hain phool ke darakht mein phal aftab ke
ہیں پھول کے درخت میں پھل آفتاب کے

What radiance and clarity shine from their faces!
The city of Aleppo merely holds up a mirror to them;
the land of Tartary is a slave to a single strand of their hair;
this garden of a face is paradise in spring.
How bright are the faces of these rosy, slender youths:
on trees of flowers grow fruits that are suns.

Free to read, copy and share

44

Abru ne kuchh hilal ka baqi rakha hai naam
ابرو نے کچھ ہلال کا باقی رکھا ہے نام

Rukh ne kiya tamam mah-e-chardah ka kaam
رخ نے کیا تمام مہ چاردہ کا کام

Kis ru se un ke rukh ka ho rokash mah-e-tamam
کس رو سے ان کے رخ کا ہو روکش مہ تمام

Do hafte wo hai aur ye hain mehrban mudam
دو ہفتے وہ ہے اور یہ ہیں مہرباں مدام

Qudrat ke sab likhe hue ye khatt-o-khaal hain
قدرت کے سب لکھے ہوئے یہ خط و خال ہیں

Pur noor chehre matla-e-husn-o-jamal hain
پر نور چہرے مطلع حسن و جمال ہیں

Their brows have left the crescent some small name;
their faces have put an end to the full moon of the fourteenth night.
On what ground could the full moon rival their faces?
It lasts two weeks; these are kind for ever.
These features are all written by the hand of divine power;
their radiant faces are where beauty and grace rise.

45

Aaina rubaru-e-jahan hai jo khush numa
آئینہ روبروئے جہاں ہے جو خوش نما

Wo un ka raushanas hai bas aur wajh kya
وہ ان کا روشناس ہے بس اور وجہ کیا

Ab tak inhin hijabon ke dhoke mein baraha
اب تک انہیں حجابوں کے دھوکے میں بارہا

Phirta hai aks aaina ke ghar mein ja ba ja
پھرتا ہے عکس آئینہ کے گھر میں جا بہ جا

Par taq-e-dil se aaina hai ye gira hua
پر طاق دل سے آئینہ ہے یہ گرا ہوا

Jo aaine ke aks ka hai munh phira hua
جو آئینے کے عکس کا ہے منہ پھرا ہوا

The mirror that looks so fine before the world
looks so only because it knows them; what other reason?
Even now, again and again, deceived by these veils,
the reflection wanders from place to place in the mirror's house;
but this mirror has fallen from the niche of the heart,
for the mirror's reflection has turned its face away.

Free to read, copy and share

46

Dandan bahaduron ke kuja aur durr kuja
دنداں بہادروں کے کجا اور در کجا

Do harf durr ke wo bhi hain baham juda juda
دو حرف در کے وہ بھی ہیں باہم جدا جدا

Dandan mile hue hain judai nahin zara
دنداں ملے ہوئے ہیں جدائی نہیں ذرا

Paas-e-adab se door hai gar un ko durr kaha
پاس ادب سے دور ہے گر ان کو در کہا

Dandan guhar hain makhzan-e-Parwardigar ke
دنداں گہر ہیں مخزن پروردگار کے

Dil sharm se chhide hain durr-e-aabdar ke
دل شرم سے چھدے ہیں در آب دار کے

How can the teeth of these heroes be compared with pearls?
Even the two letters of durr, pearl, stand apart from each other,
while their teeth sit close together with no gap at all;
it is far from respectful to call them pearls.
Their teeth are gems from the treasury of the Sustainer;
the hearts of lustrous pearls are pierced with shame.

47

Rukh chashma-e-hayat ahibba ke waaste
رخ چشمۂ حیات احبا کے واسطے

Khatt-e-lab ka Zulfiqar hai aada ke waaste
خط لب کا ذوالفقار ہے اعدا کے واسطے

Faiz-e-dahan-e-pak hai dunya ke waaste
فیض دہان پاک ہے دنیا کے واسطے

Yaan ja-e-dam zadan nahin Isa ke waaste
یاں جاے دم زدن نہیں عیسیٰ کے واسطے

Durj-e-dahan ke danton se rutbe ziyad hain
درج دہن کے دانتوں سے رتبے زیادہ ہیں

Ye wo sadaf hain jis ke guhar khana zad hain
یہ وہ صدف ہیں جس کے گہر خانہ زاد ہیں

Their faces are the spring of life for their friends;
the line of their lips is a Zulfiqar for their enemies;
the grace of their pure mouths is for the whole world;
here there is no room even for Jesus to breathe a word.
The casket of the mouth is raised in rank by its teeth:
they are the oyster whose pearls are born in its own house.

Free to read, copy and share

48

Palkon ke neemchon se zabardast zer hain
پلکوں کے نیمچوں سے زبردست زیر ہیں

Yaan zindagi se mardum khoonkhwar sher hain
یاں زندگی سے مردم خوں خوار شیر ہیں

Said afgani pe chashm ki aahu daler hain
صید افگنی پہ چشم کی آہو دلیر ہیں

Aansoo nahin palak ke neyistan mein sher hain
آنسو نہیں پلک کے نیستاں میں شیر ہیں

Ghairat se aab deeda har ik shahsawar hai
غیرت سے آب دیدہ ہر اک شہ سوار ہے

Tegh ik nazar sinan mizha-e-aabdar hai
تیغ اک نظر سناں مژۂ آب دار ہے

The mighty are laid low by the short swords of their lashes;
here, full of life, the pupils of their eyes are bloodthirsty lions;
the gazelles of their eyes are bold at bringing down prey;
these are not tears but lions in the reed-bed of the lashes.
For honour's sake every horseman has tears in his eyes:
a glance is a sword, a moist eyelash a spear.

49

Baandhe kamar jihad pe khud lais hai kaman
باندھے کمر جہاد پہ خود لیس ہے کماں

Ghusse se ek post hai bala-e-ustukhwan
غصے سے ایک پوست ہے بالائے استخواں

Is qaus ki hai qaus-e-quzah dil se madh khwan
اس قوس کی ہے قوس قزح دل سے مدح خواں

Neze se neza baz-e-falak talib-e-aman
نیزے سے نیزہ باز فلک طالب اماں

Is neze se mubahase ki kis ko taab hai
اس نیزے سے مباحثے کی کس کو تاب ہے

Goya zaban ki tarah se hazir jawab hai
گویا زباں کی طرح سے حاضر جواب ہے

The bow itself has girded its waist and stands armed to fight in God's way;
in its anger it is all skin stretched over bone;
the rainbow praises this bow with all its heart;
the lancer of the sky begs this spear for quarter.
Who has the strength to argue with this spear?
Like a tongue, it is quick with its reply.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

50

Dhaal un ki hai wo badr ki soorat dam-e-jidal
ڈھال ان کی ہے وہ بدر کی صورت دم جدال

Is badr se tarashe hain teghon ke sau hilal
اس بدر سے تراشے ہیں تیغوں کے سو ہلال

Par hai jihad mein ye wahi badr-e-be zawal
پر ہے جہاد میں یہ وہی بدر بے زوال

Haqqa ke haq pe hain ye Quraishi-e-khush khisal
حقا کہ حق پہ ہیں یہ قریشیٔ خوش خصال

Pas un ke dosh par ye sipar ki dalil hai
پس ان کے دوش پر یہ سپر کی دلیل ہے

Pusht-o-panah-e-Kaaba-e-Rab-ul-Jaleel hai
پشت و پناہ کعبہ رب الجلیل ہے

In battle their shield is like the full moon,
from which a hundred crescents of swords have been carved;
yet in fighting in God's way it is the same full moon that never wanes:
truly, these good men of Quraish stand for the truth.
So this shield on their shoulders is the proof
that they are the back and shelter of the Kaaba of the Lord of glory.

51

Nagah khemagah se shor-e-buka utha
ناگاہ خیمہ گاہ سے شور بکا اٹھا

Sajjade se namazi-e-Khair-un-Nisa utha
سجادے سے نمازیٔ خیر النسا اٹھا

Aur sabz parda-e-dar-e-Aal-e-Aba utha
اور سبز پردۂ در آل عبا اٹھا

Aawaz aayi Bano ki waris mera utha
آواز آئی بانو کی وارث مرا اٹھا

Raazi Sakina apni yateemi pe ho gayin
راضی سکینہ اپنی یتیمی پہ ہو گئیں

Pichhle se jaagti rahin is waqt so gayin
پچھلے سے جاگتی رہیں اس وقت سو گئیں

Suddenly a cry of weeping rose from the camp;
the praying son of Khair-un-Nisa rose from his prayer-mat,
and the green curtain at the door of the Family of the Cloak was lifted.
Bano's voice came: 'My guardian is rising to leave!'
Sakina became resigned to being an orphan:
awake since the last watch of the night, at this moment she fell asleep.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

52

Kulsoom sabr kar chukin mazloom bhai ko
کلثوم صبر کر چکیں مظلوم بھائی کو

Zainab ne bhi luta diya maan ki kamai ko
زینب نے بھی لٹا دیا ماں کی کمائی کو

Bano ne bhi qubool kiya be radai ko
بانو نے بھی قبول کیا بے ردائی کو

Ab kaun roke haaye shah-e-Karbalai ko
اب کون روکے ہائے شہہ کربلائی کو

Abid ne keh diya ke rah-e-Kirdgar mein
عابد نے کہہ دیا کہ رہ کردگار میں

Hum taziyane khaayen ge baba bukhar mein
ہم تازیانے کھائیں گے بابا بخار میں

Kulsoom had resigned herself to losing her wronged brother;
Zainab too had given away all her mother had earned;
Bano too had accepted the loss of her veil;
who, alas, would now hold back the King of Karbala?
Abid had said, 'On the path of the Creator
we shall bear the lash, father, even in fever.'

53

Khuddam tazi-e-shah-e-wala ko dar pe laaye
خدام تازیٔ شہ والا کو در پہ لائے

Maula-e-hulla posh kafan pehne baahar aaye
مولائے حلہ پوش کفن پہنے باہر آئے

Aur jism se rakab ne donon qadam lagaye
اور جسم سے رکاب نے دونوں قدم لگائے

Zainab pukari haaye Husain-e-ghareeb haaye
زینب پکاری ہائے حسین غریب ہائے

Mikal roye Rooh-e-Ameen nala kash hue
میکال روئے روح امیں نالہ کش ہوئے

Saman-e-maut par malak-ul-maut ghash hue
سامان موت پر ملک الموت غش ہوئے

The servants brought the noble King's Arab horse to the door;
the master, who wore robes of honour, came out wearing a shroud,
and the stirrups took both his feet against the horse's flanks.
Zainab cried out, 'Alas, Husain, far from home, alas!'
Michael wept, the Trusted Spirit lamented;
the Angel of Death fainted at these preparations for death.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

54

Jangah mein safen jo bandhin fauj-e-Shaam ki
جنگاہ میں صفیں جو بندھیں فوج شام کی

Har tegh zan ko fikr hui nang-o-naam ki
ہر تیغ زن کو فکر ہوئی ننگ و نام کی

Kheme ke dar pe aayi sawari Imam ki
خیمے کے در پہ آئی سواری امام کی

Masnad ulat di maut ne Khair-ul-Anam ki
مسند الٹ دی موت نے خیر الانام کی

Tareek chashm-e-ahl-e-haram mein jahan hua
تاریک چشم اہل حرم میں جہاں ہوا

Zahra ka chaand le ke sitare rawan hua
زہرا کا چاند لے کے ستارے رواں ہوا

When the ranks of the army of Syria were drawn up on the field,
every swordsman thought of shame and fame;
the Imam's mount came to the door of the tent;
Death overturned the seat of the Best of Mankind.
The world went dark in the eyes of the women
as Zahra's moon set out with his stars.

55

Gardoon nasheen sawari-e-shah ka ghubar tha
گردوں نشیں سواریٔ شہ کا غبار تھا

Ik ek zarra us ka Surayya waqar tha
اک ایک ذرہ اس کا ثریا وقار تھا

Shah mehr-e-zeen the sher-e-ziyan rahdar tha
شہ مہر زیں تھے شیر زیاں راہ دار تھا

Zahra ka aftab Asad par sawar tha
زہرا کا آفتاب اسد پر سوار تھا

Halqe kiye the sab rufaqa us janab ke
حلقے کیے تھے سب رفقا اس جناب کے

Ya chaudhvin ke chaand the gird-e-aftab ke
یا چودھویں کے چاند تھے گرد آفتاب کے

The dust of the King's riding rose to sit upon the sky;
every mote of it had the dignity of the Pleiades;
the King was the sun on the saddle, a fierce lion the guard of the road:
Zahra's sun was riding upon Leo.
All the noble one's companions had formed a ring around him,
or they were full moons around the sun.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

56

Qabron ke waaste jo khareedi thi kuchh zameen
قبروں کے واسطے جو خریدی تھی کچھ زمیں

Thehri wahan sawari-e-shah-e-falak nasheen
ٹھہری وہاں سواریٔ شاہ فلک نشیں

Lashkar ko apne dekh ke bole Imam-e-deen
لشکر کو اپنے دیکھ کے بولے امام دیں

Le Karbala Khuda ne diye tujh ko ye makeen
لے کربلا خدا نے دیے تجھ کو یہ مکیں

Sab sher-e-Haq ke laal hain Zahra ke pyare hain
سب شیر حق کے لال ہیں زہرا کے پیارے ہیں

Durr-e-Najaf hain Arsh-e-mualla ke tare hain
در نجف ہیں عرش معلا کے تارے ہیں

Where he had bought some land for graves,
there the mount of the King whose seat is the sky halted;
looking at his army, the Imam of the faith said,
'Here, Karbala: God has given you these dwellers;
they are all sons of the Lion of God, darlings of Zahra,
pearls of Najaf, stars of the exalted Throne.'

57

Kehte the Karbala se ye sultan-e-Karbala
کہتے تھے کربلا سے یہ سلطان کربلا

Jo misl-e-sail khail-e-jafa qahr se barha
جو مثل سیل خیل جفا قہر سے بڑھا

Saf baandhne laga pisar-e-Saad-e-be haya
صف باندھنے لگا پسر سعد بے حیا

Mukhtar us ne maimana ka Shees ko kiya
مختار اس نے میمنہ کا شیث کو کیا

Chun chun ke neza dar bhi chalees sau diye
چن چن کے نیزہ دار بھی چالیس سو دیے

Rahwar garm rau diye malboos-e-nau diye
رہوار گرم رو دیے ملبوس نو دیے

The Sultan of Karbala was saying this to Karbala
when the host of cruelty surged forward in fury like a flood;
the shameless son of Saad began to draw up his ranks:
he put Shees in command of the right wing,
gave him four thousand hand-picked spearmen,
gave them swift horses and new clothes.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

58

Azraq ko teer zan diye panjah sad juda
ازرق کو تیر زن دیے پنجاہ صد جدا

Ki us ne zeb-e-maisara-e-lashkar-e-jafa
کی اس نے زیب میسرہ لشکر جفا

Aur de ke das hazar jawanan-e-pur dagha
اور دے کے دس ہزار جوانان پر دغا

Saunpa janah Hanzala ko us ne barmala
سونپا جناح حنظلہ کو اس نے برملا

Mil kar gale Nabi-o-Ali ran mein rote the
مل کر گلے نبی و علی رن میں روتے تھے

Ik sar ke kaatne ke ye saman hote the
اک سر کے کاٹنے کے یہ سامان ہوتے تھے

To Azraq he gave five thousand archers of his own,
and with them adorned the left wing of the army of cruelty;
and giving him ten thousand treacherous young men,
he openly entrusted a wing to Hanzala.
The Prophet and Ali embraced each other and wept on the field:
all these preparations were made to cut off one head.

59

Saf baandh kar pisar se mukhatib hua Umar
صف باندھ کر پسر سے مخاطب ہوا عمر

Akbar Imam zade hain tu hai mera jigar
اکبر امام زادے ہیں تو ہے مرا جگر

Apna hasham dikha unhen phir kar idhar udhar
اپنا حشم دکھا انہیں پھر کر ادھر ادھر

Sardaron ko pukara ke haan sahib-e-hunar
سرداروں کو پکارا کہ ہاں صاحب ہنر

Fauj-e-Khuda ke saamne jaao rajaz parho
فوج خدا کے سامنے جاؤ رجز پڑھو

Ghore uthao neze hilao rajaz parho
گھوڑے اٹھاؤ نیزے ہلاؤ رجز پڑھو

Having drawn up the ranks, Umar ibn Saad turned to his son:
'Akbar is the Imam's son; you are my heart's blood;
ride this way and that and show them your splendour.'
He called to the commanders, 'Come, men of skill,
go before the army of God and recite your boasts;
rear your horses, shake your spears, recite your boasts!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

60

Chilla dikhaya Hurmula ne barh ke teer ka
چلہ دکھایا حرملہ نے بڑھ کے تیر کا

Yaad aaya shah ko doodh ugalna sagheer ka
یاد آیا شہ کو دودھ اگلنا صغیر کا

Chamka jo bhaala hilne mein Ibn-e-Numair ka
چمکا جو بھالا ہلنے میں ابن نمیر کا

Marqad hila Najaf mein janab-e-Amir ka
مرقد ہلا نجف میں جناب امیر کا

Dil pakre aaye Ahmad-e-Mursal Madine se
دل پکڑے آئے احمد مرسل مدینے سے

Lipta liya Husain ne Akbar ko seene se
لپٹا لیا حسین نے اکبر کو سینے سے

Hurmala stepped forward and showed his bowstring and arrow:
the King remembered the little one bringing up his milk;
when the lance of Ibn Numair flashed as it shook,
the tomb of the noble Amir shook in Najaf;
Ahmad the Messenger came from Medina clutching his heart;
Husain clasped Akbar to his breast.

61

Chamka ke tegh Shimr barha fauj-e-Shaam se
چمکا کے تیغ شمر بڑھا فوج شام سے

Bola mila ke aankh sipah-e-Imam se
بولا ملا کے آنکھ سپاہ امام سے

Kis qadar bughz hai ise pyaase ke naam se
کس قدر بغض ہے اسے پیاسے کے نام سے

Nikla hi parta hai mera khanjar niyam se
نکلا ہی پڑتا ہے مرا خنجر نیام سے

Sadat par na rahm karoon ne karam karoon
سادات پر نہ رحم کروں نے کرم کروں

Gar paanch halq hon to barabar qalam karoon
گر پانچ حلق ہوں تو برابر قلم کروں

Flashing his sword, Shimr came forward from the army of Syria
and, looking the Imam's army in the eye, said,
'How this hates the very name of the thirsty one!
My dagger keeps leaping from its sheath;
I will show the Sayyids neither mercy nor kindness;
if there were five throats, I would cut them all alike.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

62

Nagah rawan hua pisar-e-Saad ka pisar
ناگہ رواں ہوا پسر سعد کا پسر

Hamsin rafeeq-o-yaar jilau mein idhar udhar
ہم سن رفیق و یار جلو میں ادھر ادھر

Haathon pe khadim aage liye tegh aur sipar
ہاتھوں پہ خادم آگے لیے تیغ اور سپر

Aur ik ghulam khole hue sar pe chatr-e-zar
اور اک غلام کھولے ہوئے سر پہ چتر زر

Yun radd hua wo Akbar-e-zi shaan ke saamne
یوں رد ہوا وہ اکبر ذی شاں کے سامنے

Firaun jaise Musa-e-Imran ke saamne
فرعون جیسے موسیٰ عمراں کے سامنے

Suddenly the son of Saad's son rode out,
with companions and friends of his own age on either side,
servants ahead of him carrying sword and shield in their hands,
and a slave holding a golden parasol open over his head.
He was put to naught before glorious Akbar
as Pharaoh was before Moses, son of Imran.

63

Mil kar Husainiyon ne kaha ae shah-e-umam
مل کر حسینیوں نے کہا اے شہ امم

Ab kab talak sukoot ke rukta hai apna dam
اب کب تلک سکوت کہ رکتا ہے اپنا دم

Qarna bajaya chahte hain bani-e-sitam
قرنا بجایا چاہتے ہیں بانیٔ ستم

Yaan saf kashi na morcha ne tabl na alam
یاں صف کشی نہ مورچہ نے طبل نہ علم

Ab zabt ae wazir-e-Yadullah qahr hai
اب ضبط اے وزیر ید اللہ قہر ہے

Sheron ke munh pe charhte hain robah qahr hai
شیروں کے منہ پہ چڑھتے ہیں روباہ قہر ہے

Husain's men said together, 'O King of the nations,
how long must we keep silent? We are choking.
The founders of cruelty are about to sound their horns,
and here there are no ranks, no positions, no drum, no standard.
Now, O vizier of the Hand of God, holding back is torment:
foxes are leaping in the faces of lions; it is an outrage!'

Free to read, copy and share

64

Shah bole kya irada karen saf kashi ka hum
شہ بولے کیا ارادہ کریں صف کشی کا ہم

Waan kasrat-e-sipah hai alam hain kai alam
واں کثرت سپہ ہے علم ہیں کئی علم

Yaan dost kya aziz bhi kam zindagi bhi kam
یاں دوست کیا عزیز بھی کم زندگی بھی کم

Mazloom khaayen ge meri mazloomi ki qasam
مظلوم کھائیں گے مری مظلومی کی قسم

Har saal is mahine mein sab khaak uraen ge
ہر سال اس مہینے میں سب خاک اڑائیں گے

Is roz taziya mera momin uthaen ge
اس روز تعزیہ مرا مومن اٹھائیں گے

The King said, 'Why should we think of drawing up ranks?
There they have a host of soldiers and many standards;
here, never mind friends, even kin are few, and life too is short.
The wronged will swear by the wrong done to me;
every year in this month all will throw dust in mourning;
on this day the believers will carry my taziya.'

65

Aayi nida ye Arsh se ae hamil-e-bala
آئی ندا یہ عرش سے اے حامل بلا

Is simt zar ke bande hain teri taraf Khuda
اس سمت زر کے بندے ہیں تیری طرف خدا

Haan jald ab manga alam-e-fauj-e-Kibriya
ہاں جلد اب منگا علم فوج کبریا

Baandhe para khare hain ziyarat ko ambiya
باندھے پرا کھڑے ہیں زیارت کو انبیا

Kis bairaq-o-nishan ne buzurgi ye paai hai
کس بیرق و نشاں نے بزرگی یہ پائی ہے

Tere alam ke saaye mein meri khudai hai
تیرے علم کے سائے میں میری خدائی ہے

A voice came from the Throne: 'O bearer of affliction,
on that side are slaves of gold, on your side is God.
Come, send quickly for the standard of the army of the Almighty;
the prophets stand in rows to behold it.
What banner or ensign has ever won such greatness?
My dominion lies in the shadow of your standard.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

66

Abbas-e-namwar ko pukare shah-e-umam
عباس نام ور کو پکارے شہ امم

Haan ae nishan-e-sher-e-Khuda lao to alam
ہاں اے نشان شیر خدا لاؤ تو علم

Khatir nishan rakho ye nishan den ge tum ko hum
خاطر نشاں رکھو یہ نشاں دیں گے تم کو ہم

Abbas hukm-e-shah se chale janib-e-haram
عباس حکم شہ سے چلے جانب حرم

Pahunche jo khema-e-shah-e-aali waqar mein
پہنچے جو خیمۂ شہ عالی وقار میں

Dekha khara hua hai alam intezar mein
دیکھا کھڑا ہوا ہے علم انتظار میں

The King of the nations called to the famed Abbas:
'Come, you who bear the mark of the Lion of God, bring the standard;
be assured, I shall give this standard to you.'
At the King's command Abbas went towards the women's tents;
when he reached the tent of the noble King,
he saw the standard standing there, waiting.

67

Zainab ne dekh kar rukh-e-Abbas-e-zi hasham
زینب نے دیکھ کر رخ عباس ذی حشم

Khud apne chhote bhai ko uth kar diya alam
خود اپنے چھوٹے بھائی کو اٹھ کر دیا علم

Ki saat baar Naad-e-Ali bazuon pe dam
کی سات بار نادِ علی بازوؤں پہ دم

Sar ko jhuka ke choom liye sher ne qadam
سر کو جھکا کے چوم لیے شیر نے قدم

Taur aa gaya pasand jo Haq ke fidai ka
طور آگیا پسند جو حق کے فدائی کا

Zainab ne sar laga liya seene se bhai ka
زینب نے سر لگا لیا سینے سے بھائی کا

Seeing the face of noble Abbas, Zainab
rose and herself gave the standard to her younger brother;
seven times she breathed the Nad-e-Ali prayer over his arms;
the lion bowed his head and kissed her feet.
Pleased with the bearing of God's devoted one,
Zainab pressed her brother's head to her breast.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

68

Abbas le ke rayat-e-shah-e-umam chale
عباس لے کے رایت شاہ امم چلے

Kis shaan se Ali ka utha kar alam chale
کس شان سے علی کا اٹھا کر علم چلے

Goya liye qabala-e-bagh-e-Iram chale
گویا لیے قبالۂ باغ ارم چلے

Patka alam ka thaam ke ahl-e-haram chale
پٹکا علم کا تھام کے اہل حرم چلے

Zainab pukari shah-e-Najaf yaad aate hain
زینب پکاری شاہ نجف یاد آتے ہیں

Kis shaan se nishan liye Abbas jaate hain
کس شان سے نشاں لیے عباس جاتے ہیں

Abbas went off bearing the banner of the King of the nations;
with what splendour he went, raising Ali's standard,
as if he carried the title-deed to the garden of Iram!
The women followed, holding the sash of the standard.
Zainab cried, 'He brings back the King of Najaf to me:
with what splendour Abbas goes, bearing the banner!'

69

Ya Rab nishan wale ka naam-o-nishan rahe
یارب نشان والے کا نام و نشاں رہے

Ye shams-e-be zawal ye gul-e-be khizan rahe
یہ شمس بے زوال یہ گل بے خزاں رہے

Lashkar rahe Husain rahen ye nishan rahe
لشکر رہے حسین رہیں یہ نشاں رہے

Is hamil-e-alam pe Ali ki aman rahe
اس حامل علم پہ علی کی اماں رہے

Raushan rahe qamar shah-e-Badr-o-Hunain ka
روشن رہے قمر شہ بدر و حنین کا

Wo khaak mein mile jo ho dushman Husain ka
وہ خاک میں ملے جو ہو دشمن حسین کا

'O Lord, may the name and trace of the banner's bearer endure;
may this sun never set, this rose never know autumn;
may the army endure, may Husain live, may this banner endure;
may Ali's protection rest on this standard-bearer;
may the moon of the King of Badr and Hunain shine on;
may whoever is Husain's enemy be laid in the dust.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

70

Is shaan se barha alam-e-aqdas-e-Rasool
اس شان سے بڑھا علم اقدس رسول

Sab ambiya jilau mein rawan ba dil-e-malool
سب انبیا جلو میں رواں بادل ملول

Karrobiyan-e-Arsh ka har ik qadam nuzool
کروبیان عرش کا ہر اک قدم نزول

Sar nange saath hooron ke zer-e-alam Batool
سر ننگے ساتھ حوروں کے زیر علم بتول

Ik simt sabz posh jawan rote aate the
اک سمت سبز پوش جواں روتے آتے تھے

Hamil pe har qadam pe fida hote aate the
حامل پہ ہر قدم پہ فدا ہوتے آتے تھے

So splendidly did the holy standard of the Messenger go forward:
all the prophets went in its train with sorrowful hearts;
at every step the cherubim of the Throne came down;
Batool, bareheaded, walked with the houris beneath the standard.
On one side came a young man in green, weeping,
giving himself at every step for the bearer of the standard.

71

Abbas shah ke paas jo pahunche alam liye
عباس شہ کے پاس جو پہنچے علم لیے

Iqbal aaya pusht pe jaah-o-hasham liye
اقبال آیا پشت پہ جاہ و حشم لیے

Shanon ke bose shah ne ba lutf-o-karam liye
شانوں کے بوسے شہ نے بہ لطف و کرم لیے

Abbas-e-naamdar ne jhuk kar qadam liye
عباس نام دار نے جھک کر قدم لیے

Ki arz mujh ko sab mein namudar kar diya
کی عرض مجھ کو سب میں نمودار کر دیا

Be baal-o-par ko Jafar-e-Tayyar kar diya
بے بال و پر کو جعفر طیار کر دیا

When Abbas came to the King carrying the standard,
Fortune followed behind him with pomp and dignity;
in kindness and grace the King kissed his shoulders,
and renowned Abbas bowed and touched his feet.
He said, 'You have made me stand out among them all;
you have made one without wings into Jafar the Flier.'

Free to read, copy and share

72

Nagah Fizza dauri hui aayi hai be hawas
ناگاہ فضہ دوڑی ہوئی آئی ہے بے حواس

Kuchh shah ke kaan mein kaha aur phir gayi udas
کچھ شہ کے کان میں کہا اور پھر گئی اداس

Zahra ke laal ko hui tashweesh be qayas
زہرا کے لال کو ہوئی تشویش بے قیاس

Ashab poochhne lage aa aa ke paas paas
اصحاب پوچھنے لگے آآ کے پاس پاس

Namahramon mein kehne ko kya Fizza aayi thi
نامحرموں میں کہنے کو کیا فضہ آئی تھی

Bole payam Zainab-e-bekas ka laai thi
بولے پیام زینب بے کس کا لائی تھی

Suddenly Fizza came running, distraught;
she whispered something in the King's ear and went back sadly;
Zahra's son was troubled beyond measure.
The companions came close and began to ask,
'What did Fizza come to say among men outside the household?'
He said, 'She brought a message from helpless Zainab.'

73

Abbas haath baandh ke bole ke ya Imam
عباس ہاتھ باندھ کے بولے کہ یا امام

Mere alam uthane mein to kuchh nahin kalam
میرے علم اٹھانے میں تو کچھ نہیں کلام

Aun-o-Muhammad un ke pisar
hain main hoon ghulam
عون و محمد ان کے پسر ہیں میں ہوں غلام

Shah ne kaha nahin mujhe bheja hai ye payam
شہ نے کہا نہیں مجھے بھیجا ہے یہ پیام

Malik ho chaho jaisa jo rutba ho dijiyo
مالک ہو چاہو جیسا جو رتبہ ہو دیجیو

Sardar fauj ka mere Akbar ko kijiyo
سردار فوج کا مرے اکبر کو کیجیو

Abbas folded his hands and said, 'O Imam,
surely there is no objection to my carrying the standard?
Aun and Muhammad are her sons; I am a servant.'
The King said, 'No; this is the message she has sent me:
"You are master; give whatever rank you please,
but make my Akbar commander of the army."'

Free to read, copy and share

74

Sab ne kaha yahi hai hamara bhi muddaa
سب نے کہا یہی ہے ہمارا بھی مدعا

Akbar pe sar nisar hai jaan aap par fida
اکبر پہ سر نثار ہے جان آپ پر فدا

Beta wahan Umar ka hai salar fauj ka
بیٹا وہاں عمر کا ہے سالار فوج کا

Sardar hon hamare bhi hamshakl-e-Mustafa
سردار ہوں ہمارے بھی ہم شکل مصطفی

Go wo pisar ko laakh jawahir pinhaye ga
گو وہ پسر کو لاکھ جواہر پنہائے گا

Naqsha kahan se Ahmad-e-Mursal ka laaye ga
نقشہ کہاں سے احمد مرسل کا لائے گا

All said, 'That is our wish too:
our heads are offered for Akbar, our lives for you.
Over there the son of Umar ibn Saad commands the army;
let the likeness of Mustafa be our commander too.
Though he may deck his son in a hundred thousand jewels,
where will he find the likeness of Ahmad the Messenger?'

75

Phir shah ne ki durust saf-e-lashkar-e-Khuda
پھر شہ نے کی درست صف لشکر خدا

Roo-e-zameen hua saf-e-lashkar se khush numa
روئے زمیں ہوا صف لشکر سے خوش نما

Beeni se husn chehre ka ho jis tarah siwa
بینی سے حسن چہرے کا ہو جس طرح سوا

Roo-e-zameen faqat nazar aata tha daaima
روے زمیں فقط نظر آتا تھا دائما

Aarasta jo ran mein saf-e-fauj-e-deen hui
آراستہ جو رن میں صف فوج دیں ہوئی

Seedhi namood beeni-e-roo-e-zameen hui
سیدھی نمود بینی روئے زمیں ہوئی

Then the King set in order the ranks of the army of God;
the face of the earth was made beautiful by the ranks of the army,
as the beauty of a face is heightened by the nose;
until then the face of the earth had always looked bare.
When the ranks of the army of the faith were arrayed on the field,
a straight nose appeared on the face of the earth.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

76

Apne Habib-e-khas ko to maimana diya
اپنے حبیب خاص کو تو میمنہ دیا

Aur maisara Zuhair ko shah ne ata kiya
اور میسرہ زہیر کو شہ نے عطا کیا

Bakhshi janah-e-qalb ko atfal se ziya
بخشی جناح قلب کو اطفال سے ضیا

Akbar se poochha kyun jigar-e-sher-e-Kibriya
اکبر سے پوچھا کیوں جگر شیر کبریا

Is lashkar-e-qaleel ke mukhtar hote ho
اس لشکر قلیل کے مختار ہوتے ہو

Ik dopahar ke waaste salar hote ho
اک دوپہر کے واسطے سالار ہوتے ہو

To Habib, his special friend, he gave the right wing,
and the left wing the King gave to Zuhair;
he lit up the centre with the children.
He asked Akbar, 'Well, darling of the Lion of the Almighty,
will you take charge of this little army?
Will you be its commander for an afternoon?'

77

Wo bole dopahar ka kise intezar hai
وہ بولے دوپہر کا کسے انتظار ہے

Gar aap hukm den abhi banda nisar hai
گر آپ حکم دیں ابھی بندہ نثار ہے

Shah ne kaha yaqeen mujhe ae gul azar hai
شہ نے کہا یقیں مجھے اے گل عذار ہے

Tera jawana marg laqab aashkar hai
تیرا جوانا مرگ لقب آشکار ہے

Salar use kiya jo shah-e-arsh auj ne
سالار اسے کیا جو شہ عرش اوج نے

Dikhlai nazr haathon pe sar rakh ke fauj ne
دکھلائی نذر ہاتھوں پہ سر رکھ کے فوج نے

He said, 'Who is waiting for the afternoon?
If you command it, your servant will give his life now.'
The King said, 'I am sure of it, my rose-cheeked one;
your title, "he who died young", is plain to see.'
When the King, high as the Throne, made him commander,
the army held up their heads in their hands as an offering.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

78

Khemon mein dukhtaran-e-Ali haul khaati thin
خیموں میں دختران علی ہول کھاتی تھیں

Parda utha ke warison ko dekh jaati thin
پردہ اٹھا کے وارثوں کو دیکھ جاتی تھیں

Bahr-e-dua musalla barabar bichhati thin
بہر دعا مصلا برابر بچھاتی تھیں

Gah aalam-e-haras mein zewar barhati thin
گہ عالم ہراس میں زیور بڑھاتی تھیں

Baje ke ghul se bachchon ko dahshat jo hoti thi
باجے کے غل سے بچوں کو دہشت جو ہوتی تھی

Asghar ke dil pe haath rakhe Bano roti thi
اصغر کے دل پہ ہاتھ رکھے بانو روتی تھی

In the tents the daughters of Ali were in dread;
lifting the curtain, they kept looking at their protectors;
they kept spreading prayer-mats to pray;
now and then, in their fear, they laid aside their jewellery.
When the din of the bands frightened the children,
Bano wept with her hand on Asghar's heart.

79

Zainab sar apna peet ke karti thi ye kalam
زینب سر اپنا پیٹ کے کرتی تھی یہ کلام

Hai hai bache gi kahe ko jaan-e-shah-e-anam
ہے ہے بچے گی کاہے کو جان شہ انام

Faujon ka yaan se ta dar-e-Kufa hai izdiham
فوجوں کا یاں سے تا در کوفہ ہے اژدہام

Qasid bulao nama likho aur ye do payam
قاصد بلاؤ نامہ لکھو اور یہ دو پیام

Ghera hai sab ne Fatima ke noor-e-ain ko
گھیرا ہے سب نے فاطمہ کے نور عین کو

Aao Madine walo bachao Husain ko
آؤ مدینے والو بچاؤ حسین کو

Beating her head, Zainab was saying,
'Alas, alas! How will the life of the King of mankind be saved?
From here to the gates of Kufa the armies throng.
Call a messenger, write a letter, and send this message:
"They have all surrounded the light of Fatima's eyes;
come, people of Medina, save Husain!"'

Free to read, copy and share

80

Chillati thin ye ro ke ke amman duhai hai
چلاتی تھیں یہ رو کے کہ اماں دہائی ہے

Bibi tere qamar pe ghata aaj chhai hai
بی بی ترے قمر پہ گھٹا آج چھائی ہے

Zulm-o-jafa ke narghe mein Zainab ka bhai hai
ظلم و جفا کے نرغے میں زینب کا بھائی ہے

Baba bachaiye dam-e-mushkil kushai hai
بابا بچائیے دم مشکل کشائی ہے

Gahe pukarti thi risalat maab ko
گاہے پکارتی تھی رسالت مآب کو

Nana gehan laga hai tere aftab ko
نانا گہن لگا ہے ترے آفتاب کو

Weeping, she cried, 'Mother, help!
Lady, a dark cloud has covered your moon today;
Zainab's brother is ringed by oppression and cruelty.
Father, save him: it is the hour for removing difficulties.'
Now and then she called out to the Prophet:
'Grandfather, your sun is in eclipse!'

81

Nazan tha sabr sabr-e-shah-e-Haq shanas par
نازاں تھا صبر صبر شہ حق شناس پر

Qurban tha hosh Ibn-e-Ali ke hawas par
قرباں تھا ہوش ابن علی کے حواس پر

Darya ka zahra aab tha Sayyid ki pyaas par
دریا کا زہرہ آب تھا سید کی پیاس پر

Mayoosi aas paas thi marne ki aas par
مایوسی آس پاس تھی مرنے کی آس پر

Maan ran mein aur kheme mein maan jaai roti thi
ماں رن میں اور خیمے میں ماں جائی روتی تھی

Tanhai par Husain ki tanhai roti thi
تنہائی پر حسین کی تنہائی روتی تھی

Patience itself took pride in the patience of the King who knew God;
composure would have given itself for the composure of Ali's son;
the river's heart turned to water at the Sayyid's thirst;
despair was all around, and the only hope was of dying.
His mother wept on the battlefield, his sister in the tent;
loneliness itself wept over Husain's loneliness.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

82

Us waqt aaye Shimr-o-Umar rubaru-e-shah
اس وقت آئے شمر و عمر روبروے شاہ

Bole sipah kya hui ae Shaam kam sipah
بولے سپاہ کیا ہوئی اے شام کم سپاہ

Kyun hum hue tabah ke Hazrat hue tabah
کیوں ہم ہوئے تباہ کہ حضرت ہوئے تباہ

Is lashkar-e-qaleel pe tha iftikhar wah
اس لشکر قلیل پہ تھا افتخار واہ

Kya reh gaya ke jis pe ye kuchh aan baan hai
کیا رہ گیا کہ جس پہ یہ کچھ آن بان ہے

Bait karen jo aap to ab bhi aman hai
بیعت کریں جو آپ تو اب بھی امان ہے

At that moment Shimr and Umar ibn Saad came before the King
and said, 'What became of your army, O King of the little army?
Well, who is ruined, we or your honour?
So you were proud of this little army! Bravo!
What is left to you, that you still stand on your dignity?
If you give your allegiance, there is quarter for you even now.'

83

La haul parh ke kehne lage sarwar-e-huda
لاحول پڑھ کے کہنے لگے سرورِ ہدا

Go ab wo fauj hai na alamdar-e-ba wafa
گو اب وہ فوج ہے نہ علم دار با وفا

Is bekasi mein bhi wahi hai hausla mera
اس بے کسی میں بھی وہی ہے حوصلہ مرا

Bait kabhi karoon ga na main laakh ho jafa
بیعت کبھی کروں گا نہ میں لاکھ ہو جفا

Wallah haath doon ga na fasiq ke haat mein
واللہ ہاتھ دو گا نہ فاسق کے ہات میں

Sar jaaye ga pe farq na aaye ga baat mein
سر جائے گا پہ فرق نہ آئے گا بات میں

Saying 'There is no power but in God', the master of guidance replied,
'Though now I have neither that army nor my loyal standard-bearer,
even in this helplessness my courage is the same;
I will never give allegiance, however great the cruelty;
by Allah, I will not put my hand in the hand of a sinner;
my head will go, but my word will not change.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

84

Zalim pukara sar na katao to kya karo
ظالم پکارا سر نہ کٹاؤ تو کیا کرو

Ab ikhtiyar kya jo talab khoon baha karo
اب اختیار کیا جو طلب خوں بہا کرو

Tegh-e-do sar ko miyan se lo saamna karo
تیغ دوسر کو میان سے لو سامنا کرو

Do din ki bhook pyaas mein kyun kar dagha karo
دو دن کی بھوک پیاس میں کیو مکرو دغا کرو

Ho bhi kalaiyon mein jo dast-e-Khuda ka zor
ہو بھی کلائیوں میں جو دست خدا کا زور

Kyun kar dikhao ge asad-e-Kibriya ka zor
کیوں کر دکھاؤ گے اسد کبریا کا زور

The tyrant cried, 'If you will not give your head, what will you do?
What power have you now to demand blood-money?
Take your two-pointed sword from its sheath and face us:
how will you fight after two days of hunger and thirst?
Even if your wrists had the strength of the Hand of God,
how will you show the strength of the Lion of the Almighty?'

85

Shah bole tum samajhte ho nachar hai Husain
شہ بولے تم سمجھتے ہو ناچار ہے حسین

Sibt-e-Nabi hai khalq ka mukhtar hai Husain
سبط نبی ہے خلق کا مختار ہے حسین

Karrar Ibn-e-Haidar-e-Karrar hai Husain
کرار ابن حیدر کرار ہے حسین

Qahr-o-jalal-e-Khaliq-e-Ghaffar hai Husain
قہر و جلال خالق غفار ہے حسین

Sahil pe aa ke khoon ka darya bahata hoon
ساحل پہ آ کے خون کا دریا بہاتا ہوں

Ik faaqa kash ke doodh ki taqat dikhata hoon
اک فاقہ کش کے دودھ کی طاقت دکھاتا ہوں

The King said, 'You think that Husain is helpless:
Husain is the grandson of the Prophet and master of creation;
Husain is a charger, son of Haidar-e-Karrar;
Husain is the wrath and majesty of the forgiving Creator.
I will come to the river bank and set a river of blood flowing;
I will show you the strength of the milk of one who went hungry.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

86

Aage barhe jo shah to wo makkar hat gaye
آگے بڑھے جو شہ تو وہ مکار ہٹ گئے

Apni jagah pe ahl-e-zalalat palat gaye
اپنی جگہ پہ اہل ضلالت پلٹ گئے

Ulti jo aasteen do aalam ulat gaye
الٹی جو آستین دو عالم الٹ گئے

Rakha jo haath qabze pe dil sab ke phat gaye
رکھا جو ہاتھ قبضے پہ دل سب کے پھٹ گئے

Shorish hui zaman pe burna-o-peer ki
شورش ہوئی زمان پہ برنا و پیر کی

Khinchti hai Zulfiqar janab-e-Amir ki
کھنچتی ہے ذوالفقار جناب امیر کی

When the King advanced, those tricksters drew back;
the people of error turned back to their places;
when he turned back his sleeve, both worlds were overturned;
when he laid his hand on the hilt, every heart burst.
An uproar of young and old spread over the age:
'The Zulfiqar of the noble Amir is being drawn!'

87

Baahar niyam se sar-e-tegh rawan hua
باہر نیام سے سر تیغ رواں ہوا

Ya aasteen se yad-e-baiza ayan hua
یا آستین سے ید بیضا عیاں ہوا

Azhdar nikal ke ghaar se shola fishan hua
اژدر نکل کے غار سے شعلہ فشاں ہوا

Be parda mehr-e-khusrau-e-kaun-o-makan hua
بے پردہ مہر خسرو کون و مکاں ہوا

Jauhar nahin wo tegh-e-shah-e-khush khisal mein
جوہر نہیں وہ تیغ شہ خوش خصال میں

Dekho chamak rahe hain sitare hilal mein
دیکھو چمک رہے ہیں ستارے ہلال میں

The point of the sword came out of the sheath,
or the White Hand appeared from the sleeve;
a dragon came out of its cave breathing fire;
the sun of the sovereign of all creation was unveiled.
Those are not watermarks in the virtuous King's sword:
look, stars are shining in the crescent moon.

Free to read, copy and share

88

Khinchte hi Zulfiqar ne Hazrat ko di sada
Ae rahnuma kushanda-e-Asghar ko tu bata
Hai kis pare mein qatil-e-hamshakl-e-Mustafa
Darya pe hoga Naufal-e-makkar-o-be haya
Koi Husainiyon ka kushanda na chhoroon gi
Main Shimr-o-Ibn-e-Saad ko zinda na chhoroon gi

کھنچتے ہی ذوالفقار نے حضرت کو دی صدا
اے رہنما کشندۂ اصغر کو تو بتا
ہے کس پرے میں قاتل ہم شکل مصطفا
دریا پہ ہوگا نوفل مکار و بے حیا
کوئی حسینیوں کا کشندہ نہ چھوڑوں گی
میں شمر و ابن سعد کو زندہ نہ چھوڑوں گی

As soon as it was drawn, Zulfiqar called out to the Hazrat:
'O guide, show me the killer of Asghar;
in which rank is the killer of the likeness of Mustafa?
Naufal, the shameless trickster, will be at the river;
I will not spare a single killer of Husain's men;
I will not leave Shimr or Ibn Saad alive.'

89

Daaman ko Zulfiqar sambhale hue chali
Saanche mein phal ke fatah ko dhale hue chali
Jauhar ki ankhriyon ko nikale hue chali
Nalon ki zulf dosh par daale hue chali
Khinch kar chali ye chaal nayi ashqiya ke saath
Haftad haath barh gayi naaz-o-ada ke saath

دامن کو ذوالفقار سنبھالے ہوئے چلی
سانچے میں پھل کے فتح کو ڈھالے ہوئے چلی
جوہر کی انکھڑیوں کو نکالے ہوئے چلی
نالوں کی زلف دوش پر ڈالے ہوئے چلی
کھنچ کر چلی یہ چال نئی اشقیا کے ساتھ
ہفتاد ہاتھ بڑھ گئی ناز و ادا کے ساتھ

Zulfiqar went forth, gathering up her skirts,
casting victory in the mould of her blade,
glaring with the eyes of her watermark,
with the locks of her grooves thrown over her shoulder.
Once drawn, she played this new game with the wretches:
she advanced seventy cubits with grace and coquetry.

Free to read, copy and share

90

Saifi chali ke saif-e-Yadullah rawan hui	سیفی چلی کہ سیف ید اللہ رواں ہوئی
Tegh-e-nigah niyam-e-falak mein nihan hui	تیغ نگہ نیام فلک میں نہاں ہوئی
Sufi ki tarah chilla nasheen har kaman hui	صوفی کی طرح چلہ نشیں ہر کماں ہوئی
Hasti fana hui to aman be aman hui	ہستی فنا ہوئی تو اماں بے اماں ہوئی
Zer-e-falak tarapne se us shola bar ke	زیر فلک تڑپنے سے اس شعلہ بار کے
Bijli ke sar pe raad gira cheekh maar ke	بجلی کے سر پہ رعد گرا چیخ مار کے

Was it the Saifi prayer going forth, or the sword of the Hand of God on its way?
The sword of sight hid itself in the sheath of the sky;
every bow, like a Sufi, went into its forty-day retreat;
existence perished, and safety itself was left unsafe.
At the flashing of that flame-showering blade beneath the sky,
thunder fell screaming on the head of the lightning.

91

Aankhen zirah ki tegh pe girwida ho gayin	آنکھیں زرہ کی تیغ پہ گرویدہ ہو گئیں
Manind-e-kaah barchhiyan kaahida ho gayin	مانند کاہ برچھیاں کاہیدہ ہو گئیں
Sehmin kamanen dosh pe chaspeeda ho gayin	سہمیں کمانیں دوش پہ چسپیدہ ہو گئیں
Teghen simat ke qabzon mein posheeda ho gayin	تیغیں سمٹ کے قبضوں میں پوشیدہ ہو گئیں
Harbe to haath se gire haath aasteen se	حربے تو ہاتھ سے گرے ہاتھ آستین سے
Sar tan se paaon ran se ran utha zameen se	سر تن سے پاؤں رن سے رن اٹھا زمین سے

The eyes of the mail were enthralled by the sword;
the lances wasted away like straw;
the bows, terrified, clung to the shoulders;
the swords shrank back and hid in their hilts.
Weapons fell from hands, and hands from sleeves,
heads from bodies, feet from the field, and the field rose from the earth.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

92

Wo tegh yun chamak ke soo-e-raas chap gayi
وہ تیغ یوں چمک کے سوے راس چپ گئی

Kora lagaya raad ne bijli tarap gayi
کوڑا لگایا رعد نے بجلی تڑپ گئی

Ban kar sipah ke liye larze ki tap gayi
بن کر سپاہ کے لیے لرزے کی تپ گئی

Dozah ke sholon ki kafni tan pe nap gayi
دوزح کے شعلوں کی کفنی تن پہ نپ گئی

Dil naariyon ka tap ki hararat se jal gaya
دل ناریوں کا تپ کی حرارت سے جل گیا

Kuchh kuchh bukhar tegh ke dil ka nikal gaya
کچھ کچھ بخار تیغ کے دل کا نکل گیا

So the sword flashed and swept this way and that;
the thunder cracked its whip and the lightning writhed;
it went among the army as a shaking fever;
the shroud of Hell's flames fitted their bodies exactly.
The hearts of those bound for the Fire burned in the heat of that fever,
and the sword vented a little of the fever in its heart.

93

Naaz-o-ada se Laila-e-fatah-o-zafar chali
ناز و ادا سے لیلی فتح و ظفر چلی

Majnun hazaron ho gaye us ke jidhar chali
مجنوں ہزاروں ہوگئے اس کے جدھر چلی

Fauj-e-adu mein maut ki ban kar khabar chali
فوج عدو میں موت کی بن کر خبر چلی

Maghroor khud saron pe jo tegh-e-do sar chali
مغرور خود سروں پہ جو تیغ دو سر چلی

Shaffaf-o-saaf jang ka maidan kar diya
شفاف و صاف جنگ کا میدان کردیا

Tore pare safon ko pareshan kar diya
توڑے پرے صفوں کو پریشان کردیا

With grace and coquetry the Laila of victory and triumph went forth;
wherever she went, thousands became her Majnun;
she went through the enemy army like the news of death.
When the two-pointed sword fell upon the arrogant, self-willed heads,
it swept the field of battle clean and clear;
it broke the lines and scattered the ranks.

Free to read, copy and share

94

Ye kilk-e-tegh fard-e-sipar par jo chal gaya
یہ کلک تیغ فرد سپر پر جو چل گیا

Ho kar nidhaal dhaal ka chehra badal gaya
ہو کر نڈھال ڈھال کا چہرہ بدل گیا

Fauran sipar mein doob ke baahar ye phal gaya
فوراً سپر میں ڈوب کے باہر یہ پھل گیا

Goya gehan mein aa ke mah-e-nau nikal gaya
گویا گہن میں آ کے مہ نو نکل گیا

Tan gharb tha na sharq tha ahl-e-jidal ka
تن غرب تھا نہ شرق تھا اہل جدال کا

Par us pe tha tulu-o-ghuroob us hilal ka
پر اس پہ تھا طلوع و غروب اس ہلال کا

When this pen of a sword moved across the page of the shield,
the shield went limp and its face changed;
at once the blade sank into the shield and came out the other side,
like a new moon passing through an eclipse.
The bodies of the fighters were neither west nor east,
yet upon them that crescent rose and set.

95

Abru ki shakl thi kham-e-shamsheer se ayan
ابرو کی شکل تھی خم شمشیر سے عیاں

Chalte hi ran mein bandh gaya bhaunchal ka saman
چلتے ہی رن میں بندھ گیا بھونچال کا سماں

Yun jism-e-rasha dar se roohen huin rawan
یوں جسم رعشہ دار سے روحیں ہوئیں رواں

Jis tarah bhaagen zalzale mein chhor kar makan
جس طرح بھاگیں زلزلے میں چھوڑ کر مکاں

Pesh-e-nigah maut thi tegh-e-do sar na thi
پیش نگاہ موت تھی تیغ دو سر نہ تھی

Kuchh tan badan ki Khaibariyon ko khabar na thi
کچھ تن بدن کی خیبریوں کو خبر نہ تھی

The curve of the sword showed like a knitted brow;
as soon as it moved, the field looked as if an earthquake had struck;
souls fled from the trembling bodies
as people flee their houses in an earthquake.
It was death before their eyes, not a two-pointed sword;
those men of Khaibar's breed lost all sense of their bodies.

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

96

Aab-e-dam-e-husam se barsaat ho gayi
آب دم حسام سے برسات ہوگئی

Aisi jhari lagi ke ghata maat ho gayi
ایسی جھڑی لگی کہ گھٹا مات ہوگئی

Taapon ki raah koocha-e-zulmat ho gayi
ٹاپوں کی راہ کوچۂ ظلمات ہوگئی

Rang-e-sipah-e-Shaam ura raat ho gayi
رنگ سپاہ شام اڑا رات ہوگئی

Tha shor dhoop dekhne ko sab taraste hain
تھا شور دھوپ دیکھنے کو سب ترستے ہیں

Chhaya hai abr-e-tegh-e-Ali sar baraste hain
چھایا ہے ابر تیغ علی سر برستے ہیں

The water of the sword's edge brought on the rains;
such a downpour set in that the clouds were put to shame;
the road of the hooves became the lane of darkness;
the colour fled from the army of Syria, and it became night.
There was a cry: 'We all long to see the sunlight;
the cloud of Ali's sword has spread, and heads are raining down.'

97

Shahbaz-e-tegh ne siparon ko ura diya
شہباز تیغ نے سپروں کو اڑا دیا

Chun chun ke afsaron ke saron ko ura diya
چن چن کے افسروں کے سروں کو اڑا دیا

Khanjar qalam kiye tabaron ko ura diya
خنجر قلم کیے تبروں کو اڑا دیا

Paspa kiya saron ko paron ko ura diya
پسپا کیا سروں کو پروں کو اڑا دیا

Burrish ki ye bandhi thi hawa razmgah mein
برش کی یہ بندھی تھی ہوا رزم گاہ میں

Har simt khaak urati thi jangi sipah mein
ہر سمت خاک اڑاتی تھی جنگی سپاہ میں

The falcon of the sword sent the shields flying;
picking them out one by one, it sent the officers' heads flying;
it cut the daggers in two and sent the axes flying;
it drove back the heads and sent the ranks flying.
Such a wind of cutting blew on the field of battle
that on every side it threw dust over the fighting army.

Free to read, copy and share

98

Zulmat mein aane jaane ko aab-e-hayat thi
ظلمت میں آنے جانے کو آب حیات تھی

Aur raushani mein nayyar-e-azam ki zaat thi
اور روشنی میں نیر اعظم کی ذات تھی

Andher karne ko ye qayamat ki raat thi
اندھیر کرنے کو یہ قیامت کی رات تھی

Munh se nikalna us ke liye ek baat thi
منہ سے نکلنا اس کے لیے ایک بات تھی

Ran mein to kafiron ke faqat halq par phiri
رن میں تو کافروں کے فقط حلق پر پھری

Par shahron mein zabanon pe misl-e-khabar phiri
پر شہروں میں زبانوں پہ مثل خبر پھری

Coming and going in the dark, it was the water of life;
and in its light it was the great sun itself;
for bringing on darkness it was the night of Doom;
for it, coming out of the mouth was a mere word.
On the field it passed only over the throats of the unbelievers,
but in the cities it passed over tongues like news.

99

Aakhir pukare sab ke payambar ka waasta
آخر پکارے سب کہ پیمبر کا واسطہ

Ae tegh naujawani-e-Akbar ka waasta
اے تیغ نوجوانی اکبر کا واسطہ

Ae tegh rooh-e-fatih-e-Khaibar ka waasta
اے تیغ روح فاتح خیبر کا واسطہ

Ae tegh khurdsali-e-Asghar ka waasta
اے تیغ خوردسالی اصغر کا واسطہ

Kufe ki ya ke Shaam ke jaane ki raah de
کوفے کی یا کہ شام کے جانے کی راہ دے

Pahunche saza ko apni hamen to panah de
پہنچے سزا کو اپنی ہمیں تو پناہ دے

At last they all cried out, 'For the Prophet's sake!
O sword, for the sake of Akbar's youth!
O sword, for the sake of the spirit of the conqueror of Khaibar!
O sword, for the sake of Asghar's infancy!
Give us a way to go to Kufa or to Syria;
we have met our punishment: now give us refuge!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

100

Qabze ko choom kar ye pukare shah-e-zaman
قبضے کو چوم کر یہ پکارے شہ زمن

Bas Zulfiqar bas ke larazte hain sab ke tan
بس ذوالفقار بس کہ لرزتے ہیں سب کے تن

Shamsheer ne jawab diya ho ke nara zan
شمشیر نے جواب دیا ہو کے نعرہ زن

Pehle hi keh chuki hoon ye Hazrat se main sukhan
پہلے ہی کہہ چکی ہوں یہ حضرت سے میں سخن

Lashon se Shaam-o-Kufa ke maidan bharoon gi main
لاشوں سے شام و کوفہ کے میداں بھروں گی میں

Dam loon gi jab ke Shimr ko be dam karoon gi main
دم لوں گی جب کہ شمر کو بے دم کروں گی میں

Kissing the hilt, the King of the age called out,
'Enough, Zulfiqar, enough: all their bodies are trembling.'
The sword answered with a cry,
'I have already told your honour this:
I will fill the plains of Syria and Kufa with corpses;
I will rest only when I have left Shimr without breath.'

101

Ae Zulfiqar bas shudani ye nahin hai aah
اے ذوالفقار بس شدنی یہ نہیں ہے آہ

Tu us ka sar na kaat sake gi Khuda gawah
تو اس کا سر نہ کاٹ سکے گی خدا گواہ

Shabbir ka gala wahi kaate ga be gunah
شبیر کا گلا وہی کاٹے گا بے گناہ

Khanjar hai us ka aur payambar ki bosa gah
خنجر ہے اس کا اور پیمبر کی بوسہ گاہ

Jaane de qatl-e-Shimr se kya tujh ko kaam hai
جانے دے قتل شمر سے کیا تجھ کو کام ہے

Ae tegh ye Husain ke qatil ka naam hai
اے تیغ یہ حسین کے قاتل کا نام ہے

'O Zulfiqar, enough: this is not to be, alas;
God is witness, you will not be able to cut off his head;
it is he who will cut the throat of sinless Shabbir:
it will be his dagger and the place the Prophet used to kiss.
Let it go: what business have you with killing Shimr?
O sword, this is the name of Husain's killer.'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

102

Roti hui wo tegh dar aayi niyam mein
روتی ہوئی وہ تیغ درآئی نیام میں

Aur shah-e-be sipah ghire fauj-e-Shaam mein
اور شاہ بے سپاہ گھرے فوج شام میں

Aaye malak falak se rakab-e-Imam mein
آئے ملک فلک سے رکاب امام میں

Har ik ye nauha karta tha is izdiham mein
ہر اک یہ نوحہ کرتا تھا اس اژدھام میں

Ya sher-e-Kirdgar bacha lo Husain ko
یا شیر کردگار بچا لو حسین کو

Daaman mein apne aa ke chhupa lo Husain ko
دامن میں اپنے آ کے چھپا لو حسین کو

Weeping, the sword went back into its sheath,
and the King without an army was surrounded by the army of Syria;
angels came down from the sky to the Imam's stirrup;
in that throng each one was lamenting,
'O Lion of the Creator, save Husain;
come and hide Husain in the folds of your robe!'

103

Khaak-e-shifa saron pe urate chale malak
خاک شفا سروں پہ اڑاتے چلے ملک

Khoon-e-jigar se subha-e-yaqoot thi palak
خون جگر سے سبحۂ یاقوت تھی پلک

Pahunche the ta falak ke larazne lage falak
پہنچے تھے تا فلک کہ لرزنے لگے فلک

Aur ye fughan zameen se gayi aasmaan talak
اور یہ فغاں زمیں سے گئی آسماں تلک

Faryad goshwara-e-Arsh-e-Khuda gira
فریاد گوشوارۂ عرش خدا گرا

Lo khaak par sitara-e-Khair-un-Nisa gira
لو خاک پر ستارۂ خیر النسا گرا

The angels went, throwing the healing dust upon their heads;
with their heart's blood their eyelashes were rosaries of rubies;
they had reached the sky when the heavens began to tremble,
and this lament went up from earth to heaven:
'Help! The earring of God's Throne has fallen;
see, the star of Khair-un-Nisa has fallen to the dust!'

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

104

Girte hi khaak par shah-e-deen ko ghash aa gaya
گرتے ہی خاک پر شہ دیں کو غش آگیا

Phir bhi na koi pyaase ko paani pila gaya
پھر بھی نہ کوئی پیاسے کو پانی پلا گیا

Khanjar laga gaya koi neza laga gaya
خنجر لگا گیا کوئی نیزہ لگا گیا

Kholi jo aankh shah ne har ik tharthara gaya
کھولی جو آنکھ شہ نے ہر اک تھر تھرا گیا

Dushman bhi keh uthe ye payambar ka phool hai
دشمن بھی کہہ اٹھے یہ پیمبر کا پھول ہے

Aankhon mein saaf gardish-e-chashm-e-Rasool hai
آنکھوں میں صاف گردش چشم رسول ہے

As soon as he fell to the ground, the King of the faith fainted;
even then no one came to give the thirsty one water:
one came and struck him with a dagger, another with a spear.
When the King opened his eyes, everyone trembled;
even the enemy cried out, 'This is the Prophet's flower;
in his eyes is plainly the glance of the Prophet's eyes.'

105

Par aah aah Shimr ne barh kar ghazab kiya
پر آہ آہ شمر نے بڑھ کر غضب کیا

Seene pe moza halq pe khanjar ko rakh diya
سینے پہ موزہ حلق پہ خنجر کو رکھ دیا

Aaye lahad ko chhor ke mahboob-e-Kibriya
آئے لحد کو چھوڑ کے محبوب کبریا

Daure Najaf se rote hue shah-e-ausiya
دوڑے نجف سے روتے ہوئے شاہ اوصیا

Zahra pukari ye dil-e-muztar ka chain hai
زہرا پکاری یہ دل مضطر کا چین ہے

Mera Husain hai are mera Husain hai
میرا حسین ہے ارے میرا حسین ہے

But alas, alas, Shimr came forward and did a monstrous thing:
he set his boot on the chest and his dagger to the throat.
The beloved of the Almighty left his grave and came;
the King of the heirs ran weeping from Najaf;
Zahra cried, 'This is the peace of my troubled heart;
this is my Husain, oh, this is my Husain!

Free to read, copy and share

106

Ae Shimr Mustafa ki risalat ka waasta
اے شمر مصطفی کی رسالت کا واسطہ

Ae Shimr Murtaza ki imamat ka waasta
اے شمر مرتضی کی امامت کا واسطہ

Ae Shimr Ahl-e-Bait ki hurmat ka waasta
اے شمر اہل بیت کی حرمت کا واسطہ

Ae Shimr Kibriya ki adalat ka waasta
اے شمر کبریا کی عدالت کا واسطہ

Sadqa Nabi ki rooh ka Haidar ke sabr ka
صدقہ نبی کی روح کا حیدر کے صبر کا

Tu gul na kar chiragh payambar ki qabr ka
تو گل نہ کر چراغ پیمبر کی قبر کا

Shimr, by the prophethood of Mustafa!
Shimr, by the imamate of Murtaza!
Shimr, by the sanctity of the Prophet's family!
Shimr, by the justice of the Almighty!
For the sake of the Prophet's soul and of Haidar's patience,
do not put out the lamp on the Prophet's grave!'

107

Chillai dar se Zainab-e-bekas bhi wa akha
چلائی در سے زینب بے کس بھی وا اخا

Amman to aayin main bhi nikal aaoon nange pa
اماں تو آئیں میں بھی نکل آؤں ننگے پا

Boli Sakina rok loon main khanjar-e-jafa
بولی سکینہ روک لوں میں خنجر جفا

Baqir pukara ro ke main sau jaan se fida
باقر پکارا رو کے میں سو جان سے فدا

Shayad ye tegh thaam le masoom jaan kar
شاید یہ تیغ تھام لے معصوم جان کر

Dada tere gale pe gala rakh doon aan kar
دادا ترے گلے پہ گلا رکھ دوں آن کر

From the doorway helpless Zainab too cried out, 'Alas, my brother!
Mother has come; let me too come out barefoot.'
Sakina said, 'Let me hold back the cruel dagger.'
Baqir cried, weeping, 'I would give a hundred lives for you;
perhaps he will stay his blade, seeing I am a child:
grandfather, let me come and lay my throat upon your throat.'

Free to read, copy and share

108

Phir mur ke zer-e-tegh ye bole shah-e-umam
پھر مڑ کے زیر تیغ یہ بولے شہ امم

Zainab tujhe shahadat-e-Shabbir ki qasam
زینب تجھے شہادت شبیر کی قسم

Bithla mere yateemon ko kheme mein ek dam
بٹھلا مرے یتیموں کو خیمے میں ایک دم

Batta hai dhyan mahv-e-jamal-e-Khuda hain hum
بٹتا ہے دھیان محو جمال خدا ہیں ہم

Bachchon ko le ke deorhi se Zainab to hat gayi
بچوں کو لے کے دیوڑھی سے زینب تو ہٹ گئی

Yaan bosa gah-e-Ahmad-e-Mukhtar kat gayi
یاں بوسہ گاہ احمد مختار کٹ گئی

Then, beneath the blade, the King of the nations turned and said,
'Zainab, I adjure you by the martyrdom of Shabbir:
take my orphans into the tent at once and sit them down;
my mind is distracted, and I am lost in the beauty of God.'
Zainab took the children and drew back from the doorway,
and here the place that Ahmad the Chosen used to kiss was cut.

109

Barpa hua haram mein qayamat ka shor-o-shain
برپا ہوا حرم میں قیامت کا شور و شین

Na seenon mein qarar raha na dilon mein chain
نہ سینوں میں قرار رہا نہ دلوں میں چین

Sun sun ke qatlgah mein Khair-un-Nisa ke bain
سن سن کے قتل گاہ میں خیر النسا کے بین

Zainab pukari bibiyo maare gaye Husain
زینب پکاری بی بیو مارے گئے حسین

Tha waqt-e-asr bhai se Zainab jo chhut gayi
تھا وقت عصر بھائی سے زینب جو چھٹ گئی

Maghrib talak Husain ki sarkar lut gayi
مغرب تلک حسین کی سرکار لٹ گئی

In the women's tents rose a clamour fit for the Day of Doom;
no calm was left in any breast, no peace in any heart.
Hearing the laments of Khair-un-Nisa at the place of slaughter,
Zainab cried, 'Ladies, Husain has been slain!'
It was the hour of the afternoon prayer when Zainab was parted from her brother;
by sunset Husain's household had been plundered.

Free to read, copy and share

110

Bas ae Dabeer dhoom hai is shor-o-shain ki
بس اے دبیرؔ دھوم ہے اس شور و شین کی

Lutti hai bargah-e-shah-e-mashriqain ki
لٹتی ہے بارگاہ شہ مشرقین کی

Zainab ke aage jalti thi masnad Husain ki
زینب کے آگے جلتی تھی مسند حسین کی

Hilti thi qabr-e-fatih-e-Badr-o-Hunain ki
ہلتی تھی قبر فاتح بدر و حنین کی

Khaliq se keh ke bakhsh durr-e-muddaa mujhe
خالق سے کہہ کہ بخش در مدعا مجھے

Hazrat ki Karbala ka muraqqa dikha mujhe
حضرت کی کربلا کا مرقع دکھا مجھے

Enough, Dabeer: the tumult of this lament resounds everywhere;
the court of the King of the two Easts is being plundered;
before Zainab's eyes Husain's seat was burning;
the grave of the victor of Badr and Hunain was shaking.
Say to the Creator, 'Grant me the pearl of my desire:
show me the picture of the Hazrat's Karbala.'

Printed from https://fzic.org/library/noha/paida-shua-e-mehr-ki-miqraz-jab-hui-50014 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.